جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں موجود سید ضمیر جعفری کے نام سے منسوب اور نوجوانوں کے کھیلنے کیلئے قائم اکلوتا کرکٹ سٹیڈیم زبوں حالی کا شکار حفاظتی دیواریں ٹوٹ پھوٹ کا شکار سٹیڈیم کے اندر بڑی بڑی جھاڑیاں اور گھاس کی وجہ سے نوجوان کھلاڑیوں کو سخت مشکلات کا سامنا لاکھوں کی آبادی پر مشتمل شہر میں نوجوانوں کے کھیلنے کیلئے قائم واحد کرکٹ سٹیڈیم جو سید ضمیر حسین جعفری کے نام سے منسوب ہے۔ سٹیڈیم ڈسٹرکٹ پیورس کے معتقد زمہ داران کی عدم توجہی و دلچسپی کے باعث نوجوانوں کو سہولیات کا فقدان ہے سٹیڈیم کے جنگلے ٹوٹے ہوئے ہیں اور اندر بڑی بڑی گھاس اور خودرو جھاڑیاں آگ چکی ہیں علاقہ مکین اپنی بھیڑ بکریاں علی الصبح سٹیڈیم میں چھوڑ جاتے ہیں اور سٹیڈیم کو چراگاہ میں تبدیل کر رکھا ہے جسکی وجہ سے کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلنے والے نوجوان کھلاڑیوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سوہائی وزیر ہیلپ سے نوٹس لینے اور سید ضمیر جعفری کرکٹ سٹیڈیم کا بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔

محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے ٹریڈنگ یونٹ کا افتتاح کیا

جدوجہد سے ترقی کے خواب شرمندہ تعبیر ہوتے ہیں۔ کنوینر اتحاد گروپ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے نجی ایلومینیم ٹریڈنگ کنسٹرکشن اینڈ انجینئرنگ پروڈکٹس سیالکوٹ کے نئے گودام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کاروبار میں ترقی کے خواب جدوجہد سے ہی شرمندہ تعبیر ہوتے ہیں۔ ہمایوں الخودی اور ان کے پارٹنرز کی محنت اور لگن کو سراہتے ہیں ان کی کوششیں ضرور رنگ لائیں گی اور ایلومینیم کا کاروبار ترقی کی منازل طے کرے گا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ایلومینیم مصنوعات کی فروخت کے لیے پوری ٹیم کا وسیع تجربہ اپنی مثال آپ ہے اور یہ کاروبار دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے گا۔ اس موقع پر سابق صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سجاول علی وسیم اور طارق ایوب اور دیگر نے مشترکہ طور پر فیتہ کاٹ کر نئے گودام کا باضابطہ افتتاح کیا۔ تقریب میں ل محمد عظیم بٹ، ڈاکٹر غلام سرور، راؤ صابر خان، عامر محبوب اور دیگر کا بھی موجود تھے قبل ازیں ہمایوں الخودی نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی آمد پر حاجی دانش نے رفقاء کے ہمراہ ان کا والہانہ استقبال کیا پھول پتیاں نچھاور کی گئیں اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ہمایوں الخودی نے کہا کہ محمد خالد وسیم کی مہمان نوازی اور کاروباری ترقی کے لیے ان کے فارمولے ہمارے لیے مشعل راہ ثابت ہوئے محنت اور جدوجہد پر بھروسہ رکھتے ہیں اور امید ہے کہ یہ کاروبار دن دگنی اور رات چوگنی ترقی پائے گا۔

جہلم محکمہ صحت کی چشم پوشی ضلع بھر میں پرائیویٹ ہسپتالوں اتائیوں کے حوالے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ صحت کی چشم پوشی ضلع بھر میں پرائیویٹ ہسپتالوں اتائیوں کے حوالے، اتائی سر عام موت بانٹنے لگے جراثیم زدہ سرجیکل آلات اوزاروں سے سر عام آپریٹ کیے جاتے ہیں جن سے کئی مریض لقمہ اجل بن گئے ڈپٹی ڈی ایچ او کے وزٹ کاغذی کارروائیوں تک محدود ہو کر رہ گئے اعلیٰ حکام کو سب اوکے کی رپورٹ دینے میں مصروف۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت کی ستمبر ٹوٹی شہر سمیت ضلع بھر میں اتائیوں نے نام نہاد کلینک قائم کر رکھے ہیں جہاں پر سٹرائیڈ انجکشنوں کا بے دریغ استعمال کیا جاتا ہے جس سے متعدد موذی امراض جن میں ہیپاٹائٹس شوگر امراض قلب امراض معدہ جگر جیسے موذی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں شہریوں نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے زمہ داران سے نوٹس لینے اور اتائی ڈاکٹرز کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بھارت کسی بھی جارحیت سے باز رہے: چوہدری سخاوت علی ڈگرا

ہم پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں جنگ کی صورت میں قوم سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بھارت کسی بھی جارحیت سے باز رہے ہم پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں جنگ کی صورت میں قوم سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی وطن عزیز کی حفاظت کیلئے قوم ایک پیج پر ہے ملک کی حفاظت کرنا جانتے ہیں بھارت کو بھرپور جواب دیں گے ان خیالات کا اظہار قومی امن کمیٹی بین المذاہب پاکستان کے سینئر وائس چیئرمین و سرپرست اعلیٰ امن کمیٹی تھانہ نارنگ چوہدری سخاوت علی ڈگرا نے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ تمام پاکستان محب وطن ہیں کسی کو ملک کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھنے دیں گے نریندر مودی گیدڑ بھبکیاں دینے سے پہلے اپنے گریبان میں جھانک لے اپنی غلطیوں کا الزام پاکستان کو مت دیں ہم جنگ نہیں چاہتے لیکن اگر بھارت نے پہل کی تو انجام دنیا یاد رکھے گی ایسی صورت میں قوم ایک ہو کر بھارت کو صفحہ ہستی سے مٹا دے گی شہادت ہر مسلمان کی خواہش ہے ہم امن پسند قوم ہیں مگر کوئی جارحیت کرے تو ہمارا بچہ بچہ وطن عزیز کی حفاظت کے لئے تیار ہے۔

امریکن ایمبیسی کے سامنے احتجاج کا مقصد اسرائیل کے حواریوں کو ان کی اوقات بتانا ہے: چوہدری رمضان سیہول

تحریک لبیک جب بھی نکلی ہے اپنے مطالبات منوا کر ہی واپس آئی ہے اس بار بھی مایوس نہیں لوٹیں گے: چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) اسرائیل کی بدترین جارحیت کے خلاف قوم یکم مئی کو نکلے امریکن ایمبیسی کے سامنے احتجاج کا مقصد اسرائیل کے حواریوں کو ان کی اوقات بتانا ہے علماء فلسطین میں جہاد کا فتویٰ دے چکے ہیں حکومت پاکستان فلسطین میں سنگینی کو سمجھتے ہوئے اپنے ردعمل کا اظہار کرے ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ تحریک لبیک جب بھی نکلی ہے اپنے مطالبات منوا کر ہی واپس آئی ہے اس بار بھی مایوس نہیں لوٹیں گے قوم ملین مارچ کا حصہ بنے یہ وقت گھروں میں بیٹھنے کا نہیں ہے اندھے بہرے اور گونگے حکمرانوں کو بتانے کا ہے کہ اگر خاموشی نہ توڑی تو اگلی باری ہماری ہوگی اسلام دشمن ہمیں ایک ایک کر کے ختم کر دیں گے یہی متحد ہونے کا وقت ہے اسلامی ممالک کو ایک ہو کر اسلام دشمن قوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی سنٹرل اسٹیشن ریسکیو 1122 اوکاڑہ پر پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسر سائز کا اہتمام کیا گیا

موک ایکسر سائز میں ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور لائف سٹاک کی جانب سے فلڈ فائیٹنگ آلات وادویات کے حوالے سے سٹالز لگائے گئے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) اور پراونشل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)/ فوکل پرسن ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی سنٹرل اسٹیشن ریسکیو 1122 اوکاڑہ پر پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسر سائز کا اہتمام کیا گیا۔ موک ایکسر سائز میں ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور لائف سٹاک کی جانب سے فلڈ فائیٹنگ آلات وادویات کے حوالے سے سٹالز لگائے گئے۔ سنٹرل اسٹیشن آمد پر سیکرٹری ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی/ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام نے (RADC)) کو EMDS سسٹم کے حوالے سے مکمل بریفنگ بھی دی۔ بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اوکاڑہ اور ڈائریکٹر (آپریشنز) پی ڈی ایم اے نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نپرد آزما ہونے کی تیاریوں، فلڈ فائیٹنگ آلات کی مینٹیننس اور فعالیت کو کلی بخش قرار دیا اور متعلقہ ضلعی اداروں کے ساتھ کوارڈینیشن کو مزید بہتر بن

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردی: ذمہ دارانہ رویہ کی ضرورت

مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں نامعلوم افراد نے سیاحوں پر فائرنگ کر کے کم از کم 28 افراد ہلاک کر دیے۔ اس ناگہانی وقوعہ کے بعد سعودی عرب کے دورے پر گئے ہوئے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی دورہ مختصر کر کے نئی دہلی واپس آ رہے ہیں۔ ان کی ہدایت پر وزیر داخلہ امیت شاہ سری نگر پہنچے ہیں جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ سکیورٹی کی صورت حال پر بات چیت کی ہے۔

یہ المناک واقعہ سہ پہر تین بجے پہلگام کے ایک سبزہ زار میں پیش آیا جہاں صرف پیدل یا کسی جانور کی سواری پر ہی پہنچا جا سکتا ہے۔ اس لیے فائرنگ کے واقعہ میں متعدد لوگوں کی ہلاکت کے بعد طبی عملے اور سکیورٹی فورسز کو جائے وقوعہ تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ سرکاری طور پر ابھی تک ہلاک ہونے والے لوگوں کی تعداد نہیں بتائی گئی۔ البتہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایکس پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ 'ہلاکتوں کی تعداد معلوم کی جا رہی ہے لہذا میں ابھی اس تفصیلات میں نہیں جانا چاہتا۔ تاہم یہ کہنا ضروری ہے کہ یہ حملہ حالیہ برسوں میں عام شہریوں پر کیے جانے والے حملوں کے مقابلے میں زیادہ بڑا ہے'۔

مقبوضہ کشمیر میں حالیہ برسوں میں امن و امان کی صورت حال بہتر ہوئی ہے۔ سیاحوں پر آخری بڑا حملہ جون 2023 میں ہوا تھا جب ایک بس پر حملے کے بعد وہ گہری کھائی میں جا گری تھی، جس میں کم از کم 9 افراد ہلاک اور 33 زخمی ہوئے تھے۔ اسی لئے کئی سال کے وقفے کے بعد گزشتہ سال ستمبر/ اکتوبر کے درمیان مقبوضہ کشمیر میں انتخابات منعقد ہوئے تھے۔ ان انتخابات میں نیشنل کانفرنس نے اگست 2019 میں مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت ختم کرنے کے فیصلہ کے خلاف انتخابی مہم چلائی تھی۔ تاہم عمر عبداللہ نے وزیر اعلیٰ بننے کے بعد نریندر مودی کی وفاقی حکومت کے ساتھ بہتر تعلقات کی پالیسی اختیار کی ہے اور مقبوضہ کشمیر کو وفاقی اکائی قرار دینے کا حکم واپس لینے پر دباؤ ڈالنے سے گریز کیا ہے۔

مقبوضہ کشمیر میں آزادانہ رائے دہی یا بھارت سے علیحدگی کی مہم 1989 سے جاری ہے۔ بھارت کی پانچ لاکھ کے لگ بھگ فوج بھی ریاست میں تعینات ہے جس کی طرف سے عام طور سے شہری آبادی کو ظلم و ستم کا نشانہ بنانے کی خبریں بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ بھارتی حکومت اپنی نگرانی میں منعقد کرائے گئے انتخابات کو جمہوری عمل مانتی ہے لیکن کشمیری عوام کی اکثریت اور پاکستان ان انتخابات کو ڈھونگ قرار دیتے ہیں۔ پاکستان کا موقف ہے کہ کشمیر میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق استصواب کرایا جائے تا کہ کشمیری عوام آزادانہ طور سے اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکیں۔

دونوں ہمسایہ ملکوں کے درمیان کشمیر مسلسل وجہ نزاع ہے۔ پاکستانی قیادت کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیتی ہے جبکہ بھارت کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ کہتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر پر پاکستان کے دعوے کا جواب دینے کے لیے اب بی جے پی کی حکومت کے متعدد ارکان پاکستان کے زیر انتظام 'آزاد کشمیر' کو مقبوضہ علاقہ قرار دے کر اسے واپس لینے کے دعوے بھی کرتے رہے ہیں۔ دونوں ممالک ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کے باوجود علاقے میں کشیدگی کم کرنے اور کشمیر و دیگر امور پر بات چیت کے ذریعے معاملات طے کرنے پر راضی نہیں ہیں۔ نریندر مودی کی حکومت نے جنوری 2016 میں پٹھان کوٹ حملہ کے بعد سے اس کا الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے دوطرفہ مذاکرات سے انکار کیا ہے۔ دوسری طرف پاکستان نے 5 اگست 2019 کے فیصلہ میں مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کے بارے میں آئینی شق کو ختم کر دیا تھا اور مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت ختم کر کے اسے وفاق کی انتظامی اکائی قرار دیا گیا تھا۔ پاکستان اس فیصلہ کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی سمجھتا ہے اور اس نے بھی اس وقت تک بھارت سے بات چیت سے انکار کیا ہے جب تک مقبوضہ کشمیر کی سابقہ آئینی حیثیت بحال نہیں کی جاتی۔

پاکستان اور بھارت جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں، اس لیے ان کے درمیان براہ راست جنگ کا اندیشہ بہت کم ہے۔ اس کے باوجود دونوں ملک ایک دوسرے کے خلاف محاذ آرائی اور اشتعال انگیز سفارتی سرگرمیوں سے گریز نہیں کرتے۔ بھارت، پاکستان پر دہشت گردی کی سرپرستی کرنے کا الزام عائد کرتا ہے جبکہ پاکستان نے بلوچستان میں دہشت گردی کے علاوہ پاکستانی سرزمین پر متعدد شہریوں کو قتل کرنے کا الزام بھارتی ایجنسیوں پر عائد کیا ہے۔ اس حوالے سے اقوام متحدہ اور اہم دوست ممالک کو 'حقائق' پر مبنی دستاویزی شواہد پر مشتمل ڈوسیئر بھی فراہم کیا گیا ہے۔ تاہم اقوام متحدہ سمیت کوئی ملک بھی پاک بھارت تعلقات میں پیدا ہونے والے فاصلوں کو کم کرنے میں کوئی کردار ادا کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ ایٹمی طاقت ہونے کے طور پر دونوں ملکوں کی حکومتوں کو ذمہ دار سمجھا جاتا ہے تاہم باہمی تعلقات کے حوالے سے نئی دہلی اور اسلام آباد کی حکومتیں کسی سمجھداری کا مظاہرہ کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ بھارت میں بی جے پی کی حکومت قائم ہونے کے بعد سے نریندر مودی نے چونکہ ہندو جذبات کو ہوا دی ہے اور غیر ہندو اقلیتوں کے خلاف سیاسی رائے ہموار کرنے کی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے، اس لئے پاکستان کے بارے میں بھی موجودہ حکومت کا لب و لہجہ سخت اور کرخت ہوتا ہے۔

اس پس منظر میں علاقے میں دہشت گردی کی صورت حال خاص طور سے تشویشناک ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے جبکہ بھارت بھی ایسے تشدد سے مکمل طور سے محفوظ نہیں ہے۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت آج کے وقوعہ سے فراہم ہوتا ہے۔ اس کے باوجود دونوں ملک مل کر اس مسئلہ کے خلاف کام کرنے کی بجائے ایک دوسرے کو دہشت گرد قرار دے کر درحقیقت تشدد پر آمادہ عناصر کی سہولت کاری کا سبب بنتے ہیں۔ گزشتہ ماہ کے دوران بلوچستان میں علیحدگی پسند دہشت گردوں نے جعفر ایکسپریس کو اغوا کر کے ساڑھے تین سو کے لگ بھگ مسافروں کو یرغمال بنا لیا تھا۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ٹرین پر حملہ کرنے والے تمام 33 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے تمام مسافروں کو رہا کرا لیا تھا۔ البتہ اس مقابلہ میں 18 فوجی بھی جاں بحق ہوئے۔ اس واقعہ کے دوران حملہ آوروں کا بھارتی میڈیا سے بھی رابطہ رہا تھا اور وقوعہ سے ویڈیو اور تصاویر بھارتی میڈیا کو فراہم کی گئی تھیں۔ اس مواد کی بنیاد پر بھارتی میڈیا کے بعض عناصر نے پاکستان کو مطعون کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ پاکستان نے افغانستان کے علاوہ بھارت پر اس حملہ میں معاونت کا الزام لگایا تھا۔

اب پہلگام میں ویسا ہی اندوہناک واقعہ رونما ہوا ہے۔ اب بھارتی میڈیا کے علاوہ مقبوضہ کشمیر میں بی جے پی کے لیڈروں و کارکنوں نے اس کا الزام پاکستان پر عائد کرنا شروع کر دیا ہے۔ سرکاری طور پر ابھی کوئی بیان سامنے نہیں آیا لیکن ماضی کے طرز عمل کو مثال بنایا جائے تو اس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ نئی دہلی کی حکومت اس افسوسناک واقعہ کی ذمہ داری بھی پاکستان کی طرف منتقل کرنے کی کوشش کرے گی۔ حالانکہ اس قسم کا رویہ پاکستان یا بھارت کے مفاد میں نہیں ہے۔ دونوں ملکوں میں تشدد کو ہتھکنڈے کے طور پر استعمال کرنے والے لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

جیسے جعفر ایکسپریس پر حملہ کی مذمت دنیا بھر سے کی گئی تھی، اسی طرح پہلگام میں شہریوں کو بے دردی سے قتل کرنے پر امریکہ سمیت تمام اہم ممالک نے مذمت کی ہے۔ البتہ اسلام آباد کی طرف سے رات گئے تک کوئی بیان جاری نہیں ہوا تھا۔ ایسا ہی رویہ جعفر ایکسپریس پر حملہ کے بعد نئی دہلی میں اختیار کیا گیا تھا۔ حالانکہ بے گناہ انسانوں کو نشانہ بنانے والے عناصر خواہ کہیں پر، کسی بھی صورت میں سرگرم ہوں، ان کی مذمت کے علاوہ مل کر ان کے خلاف کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سانحہ سے بھی یہی سبق سیکھنا چاہیے کہ پاکستان اور بھارت آبادی و وسائل میں تفاوت کے باوجود، دونوں اہم ملک ہیں۔ وہ ایک دوسرے کے قریبی ہمسائے ہیں۔ کسی ایک ملک کو پہنچنے والی تکلیف کا احساس دوسرے ملک کو بھی محسوس کرنا چاہیے اور ایسے واقعات کو 'عوام کی خواہشات کے خلاف سرکاری پالیسی پر ردعمل' کا عذر تراش کر نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے 'ایکس' پر ایک پیغام میں حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 'اس حملے کے پیچھے جو بھی ہیں، انہیں کسی صورت نہیں بخشا جائے گا۔ انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ ان عناصر کا شیطانی ایجنڈا کبھی کامیاب نہیں ہوگا اور دہشت گردی کے خلاف ہمارا عزم متزلزل نہیں بلکہ اور مضبوط ہوگا'۔ اس عزم کے ساتھ دہشت گردی اور انسان دشمن سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے ہوشمندانہ اور وسیع تر تعاون پر مبنی اقدامات کرنا بھی بے حد اہم ہے۔ بھارت نے کئی دہائیوں سے پاکستان پر دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام لگا کر اسے دنیا بھر میں بدنام کرنے کی کوشش ضرور کی ہے لیکن اس سفارتی و سیاسی مہم جوئی سے درحقیقت تشدد ختم نہیں کیا جا سکا۔ بدقسمتی سے بھارت جو الزام پاکستان پر عائد کرتا ہے، وہ اپنے سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے خود بھی پاکستان کے خلاف سرگرم دہشت گرد عناصر کی سرپرستی میں ملوث رہا ہے۔ حالانکہ اگر دہشت گرد پاکستان میں 'پناہ' پاتے ہیں تو یہ مسئلہ حل کرنے کے لیے پاکستان کو تنہا کرنے اور پروپیگنڈے کا نشانہ بنانے کی بجائے اسے انگیج کرنے اور معاملات کو باہمی افہام و تفہیم سے طے کرنا چاہیے تھا۔

مناسب ہوگا کہ دونوں ملکوں کی حکومتیں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے رجحان پر قابو پانے کے لیے ہوش کے ناخن لیں اور ناپسندیدہ عناصر کے قلع قمع کے لیے مل جل کر کوئی حکمت عملی اختیار کریں۔ پہلگام میں ہونے والی خوں ریزی ایک ایسا موقع ہے کہ پاکستانی لیڈروں کو بھارت کے ساتھ اظہار ہمدردی کرنا چاہیے اور تشدد کے خاتمہ کے لیے تعاون فراہم کرنا چاہیے۔ شہریوں کو نشانے پر لینے والے خواہ پاکستان میں متحرک ہوں یا بھارت میں، وہ کسی ہمدردی کے مستحق نہیں ہو سکتے۔

بے سکونی کا راز: سرمایہ دارانہ نظام، خفیہ طاقتیں اور دنیا کا غیر مستحکم مستقبل

تحریر: سید خالد جاوید بخاری

بے سکونی کا راز: سرمایہ دارانہ نظام، خفیہ طاقتیں اور دنیا کا غیر متحکم مستقبل" خلاصہ (Abstract): دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی بے چینی، خونریزی، اور عدم استحکام کے پس منظر میں ایک ایسا عالمی نظام کام کر رہا ہے جو طاقت، دولت، اور کنٹرول کی بنیاد پر استوار ہے۔ یہ ریسرچ پیپر عالمی سرمایہ دارانہ نظام (Capitalism)، خفیہ طاقتوں، اور مخصوص ممالک کے کردار کا تجزیہ کرتا ہے جو دنیا میں جاری تباہی کے پیچھے کارفرما ہو سکتے ہیں۔ تعارف (Introduction): آج کا انسان جدید ترین سائنسی ترقی کے باوجود بے سکونی، جنگ، اور خوف کا شکار ہے۔ ہر خطے میں سیاسی بدامنی، معاشی بحران، اور معاشرتی ٹوٹ پھوٹ دیکھنے میں آ رہی ہے۔ سوال یہ ہے کہ اتنی ترقی کے باوجود دنیا غیر محفوظ کیوں ہے؟ اس سوال کا جواب ہمیں عالمی طاقتوں، سرمایہ دارانہ نظام، اور خفیہ پالیسیوں کے تجزیے سے مل سکتا ہے۔ 1. سرمایہ دارانہ نظام کا تجزیہ: سرمایہ دارانہ نظام منافع پر مبنی ہے، اور اس میں انسانیت یا فلاحِ عامہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ جب دنیا کی دولت چند ہاتھوں میں مرتکز ہو جاتی ہے، تو غربت، بے روزگاری اور استحصال جنم لیتے ہیں۔ بین الاقوامی کمپنیاں اور مالیاتی ادارے ترقی پذیر ممالک کو معاشی غلامی میں جکڑ لیتے ہیں۔ 2. خفیہ طاقتیں اور ان کے ایجنڈے: دنیا میں کئی طاقتیں ایسی ہیں جو اپنے مفادات کی تکمیل کے لیے مخصوص



پالیسیوں کے تحت مختلف خطوں کو غیر مستحکم رکھتی ہیں۔ ان خفیہ طاقتوں میں فوجی اتحاد، اسلحہ ساز لابیز، بین الاقوامی میڈیا، اور خفیہ ایجنسیاں شامل ہو سکتی ہیں۔ ان کا مقصد طاقت کا تسلط برقرار رکھنا ہوتا ہے۔ 3. جنگی معیشت اور اسلحہ کی سیاست: بڑی طاقتیں اپنے دفاعی بجٹ کو جنگوں کے ذریعے جائز قرار دیتی ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ، افریقہ، اور ایشیا میں لڑی جانے والی جنگیں صرف مقامی نہیں، بلکہ ان کے پیچھے عالمی اسلحہ مارکیٹ کے مفادات پوشیدہ ہوتے ہیں۔ 4. میڈیا کی ذہن سازی: عالمی میڈیا کا بڑا حصہ چند طاقتور کارپوریشنز کے کنٹرول میں ہے۔ میڈیا عوام کو اصل مسائل سے ہٹا کر مصنوعی بیانیے میں الجھا دیتا ہے۔ اس طرح عوامی شعور دب جاتا ہے اور طاقتور طبقے اپنی پالیسیاں جاری رکھتے ہیں۔ 5. نتیجہ (Conclusion): دنیا میں جاری خونریزی اور بے سکونی کا راز صرف مذہبی، نسلی، یا علاقائی تنازعات میں نہیں چھپا، بلکہ اس کے پیچھے ایک عالمی نظام، طاقت کا ارتکاز، اور سرمایہ دارانہ پالیسیوں کی منصوبہ بندی موجود ہے۔ جب تک دنیا اس نظام کے خلاف شعور حاصل نہیں کرے گی، امن اور استحکام ایک خواب ہی رہے گا۔ سفارشات (Recommendations): 1. عوامی شعور کو بیدار کرنے کے لیے تعلیمی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ 2. بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی نگرانی کے لیے عالمی سطح پر شفاف میکانزم بنایا جائے۔ 3. اسلحہ کی پیداوار اور فروخت کو عالمی سطح پر محدود کیا جائے۔ 4. میڈیا کو آزاد اور غیر جانبدار بنانے کے لیے عالمی سطح پر قوانین بنائے جائیں۔

سر آئینہ کچھ اور ہے پس آئینہ کچھ اور

تحریر: سید رضوان زیدی

شہروں کی خوبصورتی اس جگہ رہنے والے لوگوں کی بدولت ہوتی ہے کیونکہ صاف اور خوبصورت شہروں کی خوبصورتی میں ایک بہت بڑا حصہ شہریوں بھی ہوتا ہے۔ دنیا بھر میں بہت سے شہر ایسے بھی ہیں جن کی خوبصورتی کی مثالیں دی جاتی ہیں، اکثر قصوں کہانیوں یہاں تک کہ ضرب المثلوں تک میں ایسے شہوں کا ذکر ملتا ہے لیکن ہر بار بات شہریوں کے رہن سہن پر آ کر ختم ہوتی ہے۔ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی بہت سے ایسے شہر ہیں جن کے چرچے دنیا بھر میں ہوتے ہیں کیونکہ دنیا تو خوبصورتی کو ہی اپنا محور مانتی ہے۔ اگر ہم پاکستان کے دیگر شہروں کی بات کریں تو بلا شبہ فیصل آباد شہر اپنے منفرد طرز تعمیر کی وجہ سے دنیا کے بہت سے ممالک میں اپنی ایک خاص پہچان رکھتا ہے کیونکہ برطانوی جھنڈے یونین جیک کے نقشے پر تعمیر کیے گئے گھنٹہ گھر ایک ممتاز مقام رکھتا ہے جسے دیکھنے کیلئے غیر ملکیوں کی ایک کثیر تعداد جب پاکستان کا رخ کرتی ہے لیکن سیاح بازاروں میں ہونے والے بے ہنگم رش کو دیکھتے ہوئے بوکھلاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یورپی سیاح یورپ میں ایسی رش والی جگہوں پر جانے سے ہچکچاتے نہیں ہیں لیکن جنوبی ایشیائی اور ترقی پزیر ممالک میں انہیں ایک عجیب سا خوف رہتا ہے مبادہ کوئی اس رش میں انہیں نقصان ہی نا پہنچا دے یہی ایک نفسیاتی خوف انہیں لاحق رہتا ہے۔ لیکن اب ان بازاروں سے یہ بے ہنگم رش، تجاوزات اور ٹریفک ختم کرنے کیلئے ضلعی حکومت نے کارروائی کرتے ہوئے دکانداروں کی جانب سے غیر قانونی قبضہ کی گئی جگہوں کو واگزار کرانے کیلئے آپریشن جاری رکھا ہوا ہے جو کہ نہائت احسن اقدام ہے، ضلعی حکومت کا دعویٰ ہے کہ فیصل آباد کو پاکستان کا پہلا پیڈسٹیرین شہر بنائیں گے یعنی پاکستان کا ایسا شہر جس میں موٹر گاڑیوں کا داخلہ نہیں ہوگا اور لوگ پیدل خریداری کیلئے آجاسکیں گے۔ اس ضمن میں ڈپٹی سی او کارپوریشن عظمت فردوس جانفشانی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہیں گویا ایک خاتون نے تجاوزات کرنے والے تاجر نما شیروں کے منہ میں ہاتھ ڈال دیا ہے اور ہم ان کی اس جرات کو سلام پیش کرتے ہیں۔ میری ابھی تک موصوفہ سے فقط ایک ہی ملاقات ہوئی ہے وہ بھی صرف صحافتی فرائض کی انجام دہی کے دوران لیکن ان میں جذبہ اور اپنے کام سے مخلصی دکھائی دی ہے۔ عظمت فردوس صاحبہ آپ اپنی ذمہ داریوں سے مخلص ہیں یہ بہت خوش آئند بات ہے! لیکن! ضروری نہیں کہ آپ کے ماتحت عملہ بھی آپ کی طرح مخلص ہو اگر یہ کہا جائے کہ آپ کا ماتحت عملہ بھی آپ کی طرح مخلص ہے تو یہ کیکر کے کنڈیلے درخت سے آم کا پھل لینے کے مترادف ہوگا۔ کیا آپ کو معلوم ہے آپ کا ماتحت عملہ آپ کی ہر اچھی کوشش کو سبوتاژ کرنے پر تلا ہوا ہے؟ سالہا سال سے لگی ہوئی لینڈ انسپکٹروں کی منتھلیاں بند ہو گئی ہیں صرف آپ کی وجہ سے! ان کے بچوں کے بے جا مطالبات جن کی انہیں عادت پڑ چکی ہے کیونکہ ان کے باپ کی اوپر کی کمائی سے ان کی ہر جائز و ناجائز خواہش پوری ہو جایا کرتی تھی لیکن اب نہیں ہو رہی، دکانداروں کے کرائے جو وہ سرکاری جگہ پر اپنے سامنے لوگوں کو پھٹے اور پھڑیاں لگا کر پورے ہوتے تھے اب انہیں خود کمائی کر کے ادا کرنے پڑ رہے ہیں، آپ کی اس بری حرکت سے ان لینڈ انسپکٹروں کے کلیجے ختم ہو کر رہ گئے ہیں بظاہر تو آپ کا ماتحت عملہ میڈم میڈم کرتا آپ کے پیچھے چلتا ہے لیکن درحقیقت وہ دانت پیستا ہے اور اس تگ و دو میں ہے کہ کسی طرح اس بی بی سے جان چھڑائی جائے مزید یہ کہ عظمت فردوس صاحبہ آپ کو گمراہ کرنے کی کوششیں بھی کی جا رہی ہیں۔ یہاں تک کے دکانداروں کو بھی یہی تاثر دیا جا رہا ہے کہ جناب "نج دن کڈ لو بی بی جان والی اے" جن جگہوں سے آپ نے تجاوزات ختم کروائیں تھیں ان میں بیشتر جگہوں پر دوبارہ تجاوزات قائم کرنے کی کوششیں شروع کر دی گئی ہیں اور یہ سب لینڈ انسپکٹروں اور آپ کے ماتحت عملے کی ملی بھگت سے ہو رہا ہے۔ ڈی ٹائپ، منڈی کوارٹر اور اس سے ملحقہ علاقوں میں ایک بار پھر سے تجاوزات کھڑی کر دی گئیں ہیں۔ ڈی ٹائپ پل تا ڈی ٹائپ گول چوک کے اطراف دوبارہ سے وہی مناظر دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ فٹ پاتھ جو نظر آنے لگے تھے دوبارہ سے غائب ہو گئے ہیں ان پر انہی ہوٹل والوں نے دوبارہ قبضہ کر لیا ہے جن سے آپ نے واگزار کرایا تھا اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ آپ نے جن علاقوں میں آپریشن کر رکھے ہیں ان علاقوں میں آپ کو دوبارہ جانے ہی نہیں دیا جا رہا۔ ڈی ٹائپ ڈاکٹر چوک میں عادل نہاری والے جن کی پختہ تجاوزات آپ نے ختم کی تھیں انہوں نے دوبارہ سے اپنے کاؤنٹر سڑک کے بیچ لا لئے ہیں، فوجی چوک ڈی ٹائپ میں بابا فرید ہوٹل والوں نے بھی اسی روش کو اپناتے ہوئے دوبارہ سے تجاوزات کھڑی کر دی ہیں بلکہ قبضہ کرتے ہوئے PHA کی گرین بیلٹ جس پر کبھی پی ایچ اے نے خوبصورت پودے لگائے تھے انہیں بھی ختم کر دیا ہے ڈی ٹائپ گول کے اطراف پھل فروشوں نے قبضہ کر لیا ہے اس کی تصدیق کیلئے وہاں کا خفیہ دورہ کیا جا سکتا ہے خفیہ دورہ اس لیئے کہ جب آپ دورہ کرنے کی منصوبہ بندی کریں گیں تو اس کی پیشگی اطلاع دکانداروں کو مل جائے گی اور سب کچھ رات ورات ہٹا دیا جائے گا اس لیئے اچانک دورہ ہونا چاہئے تا کہ کرپٹ افسران بھی ہکا بکا رہ جائیں۔ ایسی تجاوزات کرپٹ لینڈ انسپکٹروں کی مرضی کے بنا کبھی نہیں ہو سکتیں، جس سے پوچھو وہ لینڈ انسپکٹر کا رشتہ دار ہے، کسی کا لینڈ انسپکٹر ماموں ہے، کسی کا چاچا تو کسی کا رشتے میں بہنوئی آخر یہ رشتہ داریاں انہی کے ساتھ ہی ہونی تھیں؟ سر آئینہ کچھ اور ہے پس آئینہ کچھ اور میڈم یہ تو معاملہ ہی کچھ اور ہے۔ عظمت فردوس صاحبہ اگر تو آپ فیصل آباد کی تاریخ میں جناب نسیم صادق صاحب کی طرح زندہ رہنا چاہتی ہیں تو جن جگہوں پر آپ خود کھڑے ہو کر آپریشن کراتی ہیں ان جگہوں کو نوٹ کر کے ہر 15 دن بعد چیک وڈ آؤٹ شیڈول کیا کریں پھر دیکھتے ہیں آپ کے ماتحت کرپٹ لینڈ انسپکٹروں کے گھروں میں کیسے صف ماتم بچھتی ہے۔ محض آپ کی مخلصی کافی نہیں ہے آپ کا اپنا ایک وژن ہونا چاہیئے، کیونکہ کہ بہر حال آپ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں آپ کی سوچنے کی صلاحیت پرانے کرپٹ لوگوں سے مختلف ہونی چاہیئے کیونکہ کہ آپ ان لوگوں سے ذیادہ دماغ رکھتی ہیں، یہ میٹرک پاس اور سفارش پر پروموٹ کرپٹ لینڈ انسپکٹر آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے یہ آپ کی فہم و فراست کے آگے کم از کم زیرو ضرور ہیں۔ اپنی حیثیت پہچانیئے!

پھاپ کے انجن کے عہد کا ایک دل چسپ، تعلیمی اور قدیمی سفر فراہم کرتی ہے۔ چاہے کوئی تاریخ کا شوقین ہو یا میری طرح سے ریلوے کا مداح، یا کوئی ایسا شخص جو ایک معلوماتی تجربے کی تلاش میں چلا جا رہا ہو سٹیم ٹاؤن وہاں جانے والے سیاحوں کو اس گزرے سنہری دَور کی جھلک دکھاتا ہے جب بھاپ سے چلنے والی گاڑیاں امریکی ترقی کی شاندار علامت تھیں۔

Scranton کا ڈاؤن ٹاؤن جسے بجلی کے شہر کا دل کہا جاتا ہے وہ متحرک مرکز ہے جو تاریخی دل کشی کو جدید سہولتوں کے ساتھ ملا کر اپنی پوری آب و تاب سے چمکتا ہے۔ یہ مصروف ترین مقام شہر کے صنعتی ماضی، ثقافتی تنوع، آرٹ، کاروبار اور کمیونٹی کے مرکز اور مختلف مارکیٹوں کو لیے ہوئے ترقی پذیر شناخت کا غماز ہے۔ یہاں کی تاریخی عمارات، شوخ اور جاندار تہوار، جدید ریستوران اور ماڈرن آرٹ کی اُبھرتی ہوئی گیلریاں اسے ایک ایسا مقام بناتی ہیں جہاں کے مقامی لوگ اور میرے جیسے سیاح آ کر لُطف اندوز ہوتے ہیں۔ ہماری بلڈنگ کے عین سامنے پارک میں ایک طرف Lackawanna County Courthouse کی تاریخی اور شاندار عمارت ہے جو 1884 میں تعمیر کی گئی اس کا طرز تعمیر Romanesque Revival Architecture کی عکاسی کرتا ہے جس میں خوبصورت پتھر یلے نقش و نگار، محرابی کھڑکیاں اور شاندار کلاک ٹاور شامل ہے۔ اس کے سامنے بنے ہوئے پنچوں پر چیری بلاسم کے درختوں کے نیچے بیٹھی میں ہر گھنٹے بعد اس کلاک کی آواز سے محظوظ ہوا کرتی تھی یہ عمارت عدالتی معاملات کا مرکز ہے، اس کے اندر رنگین شیشوں کی کھڑکیاں، دیواروں پر نقش و نگار اس کاؤنٹی کی ثقافتی اور قانونی وراثت کا ثبوت ہیں۔ اس عدالت کے پاس کورٹ سکوائر میں یادگاریں، مجسمے اور سبزہ زار موجود ہے۔ یہاں بھی، بہت سی سماجی اور موسمی تقریبات منعقد ہوئیں یہ کورٹ ہاؤس خاموشی سے پر سکون کھڑا فعال عدالتی مرکز ہے۔ جہاں لوگوں کو انصاف کے ساتھ تاریخ اور شاندار طرز تعمیر بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔

پنسلوانیا کے پہلے بجلی کے شہر سکرینٹن کے تاریخی مقامات

مریم ارشد

سکرینٹن شہر سے ہماری پسندیدگی محبت میں بدلتی جا رہی تھی۔ ایک تو شاداب اور تر و تازہ سبزے سے ڈھکی ہوئی گلیاں جو پُر پیچ تو ہرگز نہ تھیں بلکہ اونچی نیچی گھاٹیوں پر مشتمل بل کھاتی ہوئی سڑک نما گلیاں نہایت خوبصورت لگتی ہیں۔ لب سڑک ہر گھر کے آگے چھوٹے چھوٹے داخلی آنگن جو عموماً خوبصورت پتھروں سے بنے ہوتے ہیں اور صاحب خانہ کے مزاج کے مطابق سجے ہوتے ہیں۔ ان کی آرائش و زیبائش دیکھ کر دل خوش ہو جاتا ہے۔ اپنے وطن کے چھوٹے شہروں کی ٹاؤن پلاننگ میں اس چیز کی کمی کو سوچ کر دل اُداس ہو جاتا کہ کاش ہمارے ہاں بھی یہ کچھ بستیاں بسانے سے پہلے کیا جاتا تو تہذیب تو ہمارے ہاں بھی بکھری پڑی ہے سب کتنا پیارا لگتا ہے مگر وائے افسوس کہ ہم نے قبولیت سے انکار کیا۔ خیر! وطن تو دامن پکڑے ساتھ ہی ساتھ چلتا رہتا ہے۔

ایک روز ہم نے پروگرام بنایا کہ Scranton کی تاریخی جگہیں اور میوزیم وغیرہ کی سیر کی جائے۔ ہماری بلڈنگ میں ایک بزرگ رچرڈز رہتے تھے جن کے دادا 1800 میں امریکن ملٹری میں رہ چکے تھے۔ وہ ہمیں پنسلوانیا میں واقع سٹیم ٹاؤن نیشنل ہسٹورک سائٹ دکھانے لے گئے۔ یہ ایک عجیب و غریب عجائب گھر تھا جو امریکہ میں پہلی مرتبہ بھاپ سے چلنے والی ریل گاڑیوں کی تاریخ کے لیے وقف ہے۔ میرے پاپا چونکہ ریلوے میں ملازم تھے، بچپن سارا ریلوے کالونی کے پُرانے بنے گھروں میں گزرا۔ ریل کی چھک چھک سیٹیوں اور پلیٹ فارم کے اوپر اڑتے ہوئے دھوئیں کی دُھند میں لپٹی یادوں کی وجہ سے خاص دلچسپی سے اس میوزیم کو دیکھا۔ یہ تاریخی عجائب گھر 1986 میں Delaware Lackawanna and Western Railway کے یارڈ پر قائم کیا گیا تھا تا کہ بھاپ سے چلنے والے انجنوں اور صنعتی امریکہ پر ان کے اثرات اور انجن چلانے والوں کی کہانیوں کو محفوظ رکھا جا سکے۔ بہت بڑے رقبے پر یعنی 62 ایکڑ پر پھیلے اس عجائب گھر میں بھاپ سے چلنے والے انجن، مال بردار اور مسافر گاڑیوں اور ریلوے کی یادگار چیزوں کا ایک وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ اسے چلانے والوں کی کہانیاں بھی محفوظ ہیں۔ قدیم پتھروں سے بنی ہوئی یہ عمارت ڈاؤن ٹاؤن میں ہے۔ اس کا ایک اہم مرکز turntable اور roundhouse ہے جو اصل پُرانی تاریخ کی ہُو بہو نقل ہے۔ راؤنڈ ہاؤس 1932 کی باقیات سے بنایا گیا جہاں سیاح دیکھ سکتے ہیں کہ کس طرح انجنوں کی دیکھ بھال کی جاتی تھی۔ مسٹر رچرڈز نے بتایا کہ steamtown museum میں انٹر ایکٹو نمائش اور رہنمائی کی ورکشاپس اور براہِ راست مظاہرے بھی دکھائے جاتے ہیں جسے دیکھنے مقامی لوگ اور سیاح ذوق وشوق سے جاتے ہیں۔ ہمیں خیال آیا کہ ہمارے لاہور میں تو اصل انجنوں کا لوہا بھی پگھلا کر اونے پونے بیچ کر پیسے کھیسوں میں ڈال لیے جاتے ہیں اور وہاں باقیات سے میوزیم بنتے ہیں۔ واہ کیا کہنے! مسٹر رچرڈز نے ہمیں وہاں ایک اور سرپرائز دیا کہ انہوں نے ہمارے لیے 30 منٹ کا سٹیم ٹاؤن کے یارڈ میں چھوٹی سی ٹرین پر سیر کروانے کا ٹکٹ لے رکھا تھا جو اندر ہی سیر کرواتی ہوئی نیشنل پارک کا بھی چکر لگواتی ہے۔ لیں میں بیٹھ کر انجن کے آئل کی خوشبو تنفسوں میں گھستی ہے۔ ریل کی پرانی سیٹی بجتی ہے اور انجن کی دھونکنی کی چَپ چَپ کی آواز آپ کو کسی قدیم دنیا میں لے جاتی ہے۔ آج کی جدید دنیا میں رہ کر آپ جانتے ہیں کہ پرانے دور میں بنانے والوں نے اسے کیسے بنایا اور سفر اختیار کیے۔ بے شک وہ لوگ اسے ریلوے ورثے کی جیتی جاگتی تصویر اور زندہ مثال بنا کر رکھے ہوئے ہیں۔ وہاں سیر کر کے ہمیں محسوس ہوا کہ سکرینٹن کا سٹیم ٹاؤن نیشنل ہسٹورک عجائب گھر صرف ایک عجائب گھر نہیں بلکہ ان کے ماضی کی وہ کھڑکی ہے جو سیاحوں کو



میں نے اپنے وزن میں اضافہ ایک کریکٹر کی ڈیمانڈ کے مطابق کیا، اداکارہ کومل میر

جب میں دبلی پتلی تھی تو سب مجھے اس وجہ سے ٹرول کرتے تھے



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ کومل میر نے وزن میں اضافے کے سبب ہونے والی ٹرالنگ پر ردعمل دیتے ہوئے وزن بڑھانے کی وجہ بھی بتادی۔ کومل میر نے ماڈلنگ کے ذریعے شوبز کی دنیا میں قدم رکھا اور سب سے پہلے ریئلٹی شو ''مس ویٹ پاکستان'' میں حصہ لیتی نظر آئیں، اگرچہ وہ یہ مقابلہ جیتنے میں ناکام رہیں لیکن ان کی خوبصورتی اور ٹیلنٹ سب کی نظروں میں آ گیا۔ ماڈلنگ میں کریئر بنانے کا سفر طے کرنے والی کومل میر کو اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے کی پیشکش ہوئی تو انہوں نے منع نہ کیا اور اپنے اس ہیڈن ٹیلنٹ کو ٹی وی اسکرینز پر لانے کیلئے مصروف ہوگئیں۔ ان کے مشہور ڈراموں میں ''عہد وفا''، ''ریشم گلی کی حسنہ''، ''وفا بے مول''، ''بادشاہ بیگم''، ''قلندر''، ''راہِ جنون'' اور ''تیرے آنے سے'' شامل ہیں۔ کومل میر اپنے جسمانی تغیرات کے باعث خبروں میں ہیں۔ ان پر الزام لگایا جارہا ہے کہ انہوں نے مصنوعی ذرائع سے وزن بڑھایا ہے

انوشکا شرما اور ویرات کوہلی کا دبئی میں ڈانس وائرل

انوشکا شرما نے فی الحال شوبز سے کچھ فاصلہ اختیار کیا ہوا ہے



دبئی (این این آئی) انوشکا شرما اور ویرات کوہلی کی دبئی میں ڈانس کرتے ہوئے ویڈیو وائرل ہوگئی۔ شوبز اور کھیلوں کی دنیا کے سب سے خوبصورت اور پسندیدہ جوڑوں میں سے ایک، انوشکا شرما اور ویرات کوہلی ایک بار پھر سرخیوں میں ہیں، یہ جوڑا اپنی اسٹائلش عوامی تقریبات، دلکش پوسٹس اور خوشگوار چھٹیوں کے ذریعے مداحوں کے دل جیتتا رہتا ہے۔ حال ہی میں انوشکا اور ویرات کی ایک ویڈیو انٹرنیٹ پر تیزی سے وائرل ہورہی ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ ویڈیو دبئی میں ایک شوٹ کے دوران بنائی گئی ہے، جس میں دونوں کو ایک گروپ آف ڈانسرز کے ساتھ رقص کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں جہاں سب لوگ خوشی سے جھومتے دکھائی دے رہے ہیں، وہیں

ہانیہ عامر فلم سردار جی 3 میں دلجیت کیساتھ کس کردار میں نظر آئینگی؟ ناصر چنیوٹی کا انکشاف

2024 میں ریلیز ہونے والی بھارتی پنجابی فلم جٹ اینڈ جولیٹ 3 میں بھی کام کیا



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکار و کامیڈین ناصر چنیوٹی نے اداکارہ ہانیہ عامر کی دلجیت دوسانجھ کے ساتھ آنے والی بھارتی پنجابی فلم میں ان کے کردار سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ ناصر چنیوٹی کا شمار پاکستان کے بہترین کامیڈین میں ہوتا ہے جو بھارت جاکر اپنی اداکاری کے جوہر بھی دکھا چکے ہیں، اس کے علاوہ انہوں نے 2024 میں ریلیز ہونے والی بھارتی پنجابی فلم جٹ اینڈ جولیٹ 3 میں بھی کام کیا جو کامیاب رہی اور فلم نے اچھا بزنس بھی کیا تھا جبکہ وہ ہانیہ عامر کے ساتھ آنے والی فلم سردار جی 3 کا بھی حصہ ہیں۔ ایک انٹرویو میں کامیڈین سے فلم سردار جی 3 کے بارے میں سوال پوچھا گیا جس کے جواب میں اداکار نے بتایا کہ یہ فلم رواں سال

ہالی وڈ اداکارہ انجلینا جولی نے بھی فلسطینیوں کے حق میں پوسٹ شیئر کردی

غزہ فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والی کی اجتماعی قبر بن چکا ہے، عالمی شہرت یافتہ اداکارہ



نیویارک (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ ہالی وڈ اداکارہ انجلینا جولی نے بھی سوشل میڈیا پر فلسطینیوں کے حق میں پوسٹ شیئر کردی۔ انجلینا جولی نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر ڈاکٹرز ود آٹ بارڈرز کی پوسٹ شیئر کی جس میں کہا گیا تھا کہ غزہ فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والی کی اجتماعی قبر بن چکا ہے۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا کہ اسرائیلی افواج کی جانب سے غزہ کی پٹی پر فضائی، زمینی اور بحری حملوں میں شدت آگئی ہے اور نہ صرف فلسطینی عوام کو جبری طور پر بے گھر کیا جارہا ہے بلکہ امداد کو بھی جان بوجھ کر روکا جا رہا ہے، اس طرح فلسطینیوں کی زندگیاں ایک بار پھر منظم طریقے سے تباہ کی جارہی ہیں۔ اداکارہ کی اس پوسٹ کے بعد انتہا پسند یہودیوں کی جانب سے شدید غم و غصے کا اظہار کیا جارہا ہے۔

مداح کی سیلفی کی خواہش، پریتی کے جواب نے دل جیت لیے

ویڈیو میں پریتی زنٹا میدان میں مداحوں کو ٹی شرٹس اچھالتے ہوئے نظر آئیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زینٹا نے حال ہی میں ایک مداح کے دل کو چھو لینے والے پیغام کا محبت بھرے انداز میں جواب دے دیا جس نے پرستاروں کے دل جیت لیے۔ ایک مداح نے سوشل میڈیا پر ویڈیو شیئر کی جس میں وہ آئی پی ایل میچ کے دوران پریتی زینٹا کو دیکھ کر مسکرا رہا ہے اور ان سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کررہا ہے۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ویڈیو میں آدتیہ کو پریتی کو دور سے دیکھتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو میں الفاظ لکھے تھے، تمام مداح ٹی شرٹ چاہتے ہیں۔ اس کے بعد وہ پریتی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتا ہے، لیکن میں تو بس انہیں سراہتا ہوں۔ ویڈیو میں پریتی زنٹا میدان میں مداحوں کو ٹی شرٹس اچھالتے ہوئے نظر آئیں۔ پریتی، جو

فلم انڈسٹری میں میری کوئی قریبی دوست نہیں، اداکارہ نین تارا

میں انڈسٹری میں صرف پیشہ ورانہ تعلق رکھتی ہوں، ذاتی تعلق صرف ان لوگوں سے ہے، جنہیں میں اچھے سے جانتی ہوں



ممبئی (این این آئی) 40 سالہ نین تارا 22 سال سے فلم انڈسٹری میں ہیں، وہ ساؤتھ کے ساتھ ساتھ بالی ووڈ کی بھی قابل اعتماد اداکارہ ہیں۔ انہوں نے ساؤتھ میں رجنی کانت جیسے بڑے سپر اسٹار کے ساتھ بھی پرفارمنس دی ہے، دوسری طرف انہوں نے بالی ووڈ میں شاہ رخ خان کے مقابل فلم جوان میں اداکاری کے جوہر دکھائے اور مداحوں سے خوب داد سمیٹی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر نین تارا کا ایک پرانا انٹرویو ایک بار پھر وائرل ہوا ہے، جس میں انہوں نے بتایا کہ فلم انڈسٹری میں ان کا کوئی قریبی دوست نہیں ہے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میں انڈسٹری میں صرف پیشہ ورانہ تعلق رکھتی ہوں، ذاتی تعلق صرف ان لوگوں سے ہے، جنہیں میں اچھے سے جانتی ہوں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میری زندگی میں دوستی کی بڑی اہمیت ہے، صرف 2 یا 3 لوگ ہیں جو مجھے واقعی جانتے ہیں، انہیں ہی میں اپنا سچا دوست کہہ سکتی ہوں۔ نین تارا کا کہنا تھا کہ یہ ایسے دوست ہے اگر مجھے کبھی کسی چیز کی ضرورت پڑی تو یہ لوگ فوراً وہاں موجود ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں گہری دوستیاں بنانا اور برقرار رکھنا مشکل عمل ہے، دراصل ہر فلم کے ساتھ لوگ بدل جاتے ہیں، شوٹنگ کے بعد ہماری ملاقات کبھی کبھار ہی تقریبات میں ہوتی ہے۔ اداکارہ نے فلم انڈسٹری میں مقابلے کے ماحول سے متعلق کہا کہ تمام ہی انڈسٹریز میں مقابلے کا ماحول ہوتا ہے

ارو شی روٹیلا کی مندر سے متعلق بیان پر وضاحت، قانونی کارروائی کی دھمکی

اداکارہ نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مندر ان کا ''اپنا'' ہے یا انہوں نے اسے ملکیت کے طور پر پیش کیا



ممبئی (این این آئی) اپنے نام پر مندر بنائے جانے کے بیان پر اروشی روٹیلا تنازع کا شکار ہوگئیں جس پر اب اداکارہ کی وضاحت بھی سامنے آگئی۔ بھارتی اداکارہ و رقاصہ اروشی روٹیلا حال ہی میں اس وقت تنازع کا شکار ہوگئیں جب انہوں نے یہ دعویٰ کیا کہ ریاست اتراکھنڈ میں بدری ناتھ مندر کے قریب ان کے نام پر ایک مندر قائم ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے جنوبی بھارت میں بھی اسی طرح کا مندر بنانے کی یہ کہتے ہوئے خواہش ظاہر کی کہ انہوں نے اس خطے میں کافی فلمیں کی ہیں۔ اس بیان نے ایک تنازع کھڑا کردیا اور بدری ناتھ کے پنڈتوں اور مقامی افراد نے سخت ناراضی کا اظہار کیا۔ تاہم اب اروشی روٹیلا کی ٹیم نے اس پورے معاملے پر وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا کہ اداکارہ نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مندر ان کا ''اپنا'' ہے یا انہوں نے اسے ملکیت کے طور پر پیش کیا۔ اروشی کی ٹیم نے واضح کیا کہ جو افراد ان کے بیانات کو غلط انداز میں پیش کررہے ہیں، ان کے خلاف قانونی ایکشن لیا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے معاشرے میں باہمی عزت اور شائستہ گفتگو کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

شہریار منور اور ماہین صدیقی کی تھائی لینڈ سے سیر سپاٹوں کی ویڈیو وائرل

وائرل ویڈیو میں اس جوڑے کو خوبصورت ساحلوں سے لطف اندوز ہوتے بھی دیکھا جاسکتا ہے



کراچی (این این آئی) چند ماہ قبل شادی کے بندھن میں بندھنے والی پاکستانی فنکاروں کی خوبرو جوڑی اداکار شہریار منور اور اداکارہ ماہین صدیقی نے اپنے ہنی مون کی خوبصورت ویڈیو شیئر کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر فنکار جوڑی نے مشترکہ پوسٹ شیئر کی ہے جس میں اس جوڑی کو مختلف مہم جو سرگرمیاں کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ویڈیو میں اس جوڑی کو تھائی لینڈ کے سیر سپاٹے کرتے دیکھا جا سکتا ہے، دونوں اس موقع پر خوش و خرم انداز میں دکھائی دیے۔ سیر سپاٹوں کے دوران انہوں نے مہم جوئی بھی سرانجام دی جس میں زپ لائننگ اور بائیک رائڈنگ نے سب کی توجہ حاصل کر لی۔ وائرل ویڈیو میں اس جوڑے کو خوبصورت ساحلوں سے لطف اندوز ہوتے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

شادی کی سالگرہ پر ایشوریا رائے کی نئی پوسٹ، طلاق کی افواہیں دم توڑ گئیں

بالی ووڈ انڈسٹری کی یہ خوبصورت جوڑی اکثر اوقات ہی علیحدگی اور طلاق جیسی خبروں میں گھری رہتی ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی خوبرو سپر اسٹار، اداکارہ و کاروباری شخصیت ایشوریا رائے نے اپنی شادی کی 18 ویں سالگرہ کے موقع پر شوہر ابھیشیک بچن کے ساتھ خوبصورت فیملی فوٹو شیئر کیا ہے جس میں ان کی بیٹی آرادھیا بھی ہیں۔ بالی ووڈ انڈسٹری کی یہ خوبصورت جوڑی اکثر اوقات ہی علیحدگی اور طلاق جیسی خبروں میں گھری رہتی ہے، ایشوریا رائے کی نئی پوسٹ نے ان تمام خبروں کو جھوٹا ثابت کردیا۔ ایشوریا رائے بچن اور ابھیشیک بچن جو بالی ووڈ کے سب سے باوقار جوڑوں میں سے ایک ہیں، نے 20 اپریل 2025 کو اپنی شادی کی 18 ویں سالگرہ منائی۔ 2007 میں شادی کرنے والے جوڑے نے اپنی بیٹی آرادھیا بچن کے ساتھ تمنا کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ابھیشیک بچن آخری بار فلم بی پپی میں نظر آئے تھے اور ان کی آئندہ فلم اکشے کمار کے ساتھ ہاس فل 5 ہوگی۔ ایشوریا رائے کو آخری بار تیلگو فلم پونیئن سیلوان II میں دیکھا گیا تھا۔ ایشوریا رائے نے 2024 کے کانز فلم فیسٹیول میں آرادھیا کے ساتھ شرکت کر کے خوب توجہ حاصل کی تھی۔

قومی کرکٹ ٹیم کی بیٹنگ لائن میں ٹیکنیکل مسائل ہیں ان پر کام ہونا چاہیے

قومی کرکٹ ٹیم کی بیٹنگ سے متعلق شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار کاشف محمود کا مشورہ



کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار کاشف محمود نے کہا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کی بیٹنگ لائن میں ٹیکنیکل مسائل ہیں ان پر کام ہونا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ جس ٹیم میں بابر اعظم ہوں وہ میری سب سے پسندیدہ ٹیم ہوتی ہے، مجھے امید ہے کہ بابر بہت جلد اپنی بہترین پرفارمنس دکھائیں گے، انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل 10 میں اسلام آباد یونائیٹڈ ٹیم کا اسکواڈ زبردست ہے۔ ایک سوال کے جواب میں اداکار کاشف محمود نے کہا کہ کرکٹ ٹیم کی بیٹنگ لائن میں ٹیکنیکل مسائل ہیں اس پر کام کرنا چاہیے۔ اداکار کاشف محمود نے اس امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کا اچھا وقت بہت جلد ضرور واپس آئے گا،

جنید جمشید کے موت سے قبل آخری جذبات سے متعلق ان کی دوسری اہلیہ رضیہ جنید نے پہلی بار لب کشائی

چترال جانے سے قبل کچھ اداس تھے اور وہاں جانے کے بعد بھی نیٹ ورک کے مسائل ہونے کے باوجود مسلسل رابطے میں رہے



کراچی (این این آئی) دین کی خاطر میوزک انڈسٹری کو خیر بعد کہنے والے پاکستان کے معروف سابق گلوکار و نعت خواں جنید جمشید کے موت سے قبل آخری جذبات سے متعلق ان کی دوسری اہلیہ رضیہ جنید نے پہلی بار لب کشائی کی ہے۔ حال ہی میں رضیہ جنید نے پہلی بار پوڈکاسٹ میں شرکت کی اور جنید جمشید کی آخری یادیں تازہ کرتے ہوئے المناک طیارہ حادثے سے متعلق گفتگو کی۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب سے میری شادی جنید جمشید سے ہوئی ہے تب سے میں نے دیکھا ہے کہ ان کا زیادہ تر وقت سفر بالخصوص فضائی سفر میں گزرتا تھا، انہوں نے طیارہ حادثے سے قبل آخری سفر چترال کا کیا تھا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ جنید جمشید کا معمول تھا کہ جب بھی سفر پر جاتے تو اپنی تمام شریک حیات سے بھی ساتھ چلنے کا پوچھ لیا کرتے تھے، اس وقت میرے امتحان تھے تو میں نے جانے سے انکار کردیا تھا لیکن مجھے یاد ہے کہ وہ چترال جانے سے قبل بہت بے چین تھے۔ رضیہ جنید نے بتایا کہ اس سے قبل کبھی کسی سفر پر جاتے ہوئے وہ اس طرح بے چین نہیں ہوئے تھے، وہ امریکا سے آئے تھے اور انہیں اس کے بعد چترال جانا تھا، تو مجھ سے کہنے لگے کہ چترال میں تو بہت ٹھنڈ ہے، انہیں 5 سے 6 دنوں کے لیے جانا تھا لیکن ان کا سفر 10 دن کا ہوگیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے محسوس کیا تھا کہ چترال جانے سے قبل کچھ اداس تھے اور وہاں جانے کے بعد بھی نیٹ ورک کے مسائل ہونے کے باوجود مسلسل رابطے میں رہے اور اپنی خریت کی اطلاع دیتے رہے، اب اس بارے میں سوچوں تو لگتا ہے کہ انہیں اپنی موت

شاہ رخ خان اور گوری خان کا گھر منت تزئین و آرائش کے مراحل میں ہے

مرمت کے کام کے دوران شاہ رخ خان، گوری خان اور ان کے تینوں بچے سہانا، آریان اور ابرام عارضی طور پر منت سے منتقل ہوگئے ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان اور گوری خان کا گھر منت تزئین و آرائش کے مراحل میں ہے۔ شاہ رخ خان کا مشہور و معروف ممبئی والا بنگلہ منت ان دنوں تزئین و آرائش سے گزر رہا ہے، مرمت کے کام کے دوران شاہ رخ خان، گوری خان اور ان کے تینوں بچے سہانا، آریان اور ابرام عارضی طور پر منت سے منتقل ہوگئے ہیں۔ حال ہی میں ایک ویڈیو وائرل ہوئی ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ منت کی بالائی منزل پر تعمیراتی کام جاری ہے، ویڈیو میں مزدور رسیوں کے ساتھ کام کرتے اور سیمنٹ تیار کرتے نظر آرہے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گھر بالکل خالی دکھائی دے رہا ہے لیکن لگتا ہے کہ کچھ بڑا منصوبہ بنایا جا رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق منت کی 2 سالہ تزئین و آرائش میں اس کا ایکسٹینشن بھی شامل ہے، جس کے تحت 2 مزید منزلیں بنائی جائیں گی۔

قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان حسن علی اور صاحبزادہ فرحان کی کارکردگی سے متاثر

ٹورنامنٹ کا آغاز ہے، سات آٹھ میچز ہوجائیں پھر اندازہ ہوگا کہ کون سا پلیئر مسلسل سے پرفارم کررہا ہے، سلمان علی آغا



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیم اسلام آباد یونائیٹڈ ٹیم میں شامل پاکستان ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے پاکستان سپر لیگ 10 میں حسن علی اور صاحبزادہ فرحان کی کارکردگی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے عندیہ دیا ہے کہ دونوں پلیئرز کو مستقبل میں قومی ٹیم میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ کراچی میں ایک خصوصی انٹرویو میں سلمان علی آغا نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ میں ان کی کوشش ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ کی جانب سے پرفارم کرنے اور اپنی ٹیم کو جتوانے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہوگی کہ وہ ان کھلاڑیوں پر نظر رکھیں جو مستقبل میں پاکستان ٹیم کے لیے کارآمد ہوسکتے ہیں۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ جن پلیئرز کو آگے پاکستان سے کھیلنا ہے یا جن کو مجھے لیڈ کرنا ہے وہ ان کی فارم اور فٹنس پر نظر رکھیں گے۔ انہوں نے براہ راست کسی نوجوان پلیئر کا نام تو نہیں لیا

راولپنڈی میں کراؤڈ نے ہمارے خلاف نعرے لگائے'' شائے ہوپ

محمد رضوان نے ہمیشہ اپنے چہرے پر مسکان رکھی ہے، ان کی وجہ سے ڈریسنگ روم میں مثبت ماحول رہتا ہے، گفتگو



راولپنڈی (این این آئی) ملتان سلطانز کے غیر ملکی کھلاڑی شائے ہوپ کا کہنا ہے کہ راولپنڈی میں کراؤڈ نے ہمارے خلاف نعرے لگائے، راولپنڈی میں کراؤڈ ہمارے حق میں نہیں تھا لیکن ملتان میں اُمید ہے کراؤڈ آئے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمد رضوان نے ہمیشہ اپنے چہرے پر مسکان رکھی ہے، ان کی وجہ سے ڈریسنگ روم میں مثبت ماحول رہتا ہے۔ شائے ہوپ کا کہنا ہے کہ اب ٹیم کو پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا ہے، ملتان سلطانز ابھی بھی ٹورنامنٹ میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہم مواقع پر پرفارمنس دینے کی ضرورت ہے جس سے جیت مل جاتی ہے، ملتان سلطانز بقیہ میچز جیتنے کی کوشش کرے گی۔ ان کا کہنا ہے کہ راولپنڈی کی پچ 200 رنز کی نہیں تھی، پشاور زلمی نے بہترین بیٹنگ کی، پشاور زلمی نے ویسی بیٹنگ کی جیسے ہمیں کرنی چاہیے تھی۔ شائے ہوپ نے یہ بھی کہا کہ نام کو ہلر کیڈمور اور محمد حارث نے شاندار بیٹنگ کی، علی رضا باصلاحیت بولر ہیں، مستقبل میں پاکستان کے لیے اہم ثابت ہوں گے۔

پلاننگ کیسے بتادوں کوئٹہ سے اگلا میچ بھی کھیلنا ہے' میر حمزہ

پیچ سلوتھی یہی کوشش کی کہ جتنا لمبا کھیل سکتا ہوں کھیلوں، انگلش بیٹر جیمز وِنس کی گفتگو



کراچی (این این آئی) کراچی کنگز کے فاسٹ بولر میر حمزہ کا کہنا ہے کہ پلاننگ کیسے بتادوں کوئٹہ سے اگلا میچ بھی کھیلنا ہے۔ پی ایس ایل 10 میں کراچی کنگز کے فاسٹ بولر میر حمزہ کا کہنا ہے کہ جیت کی خوشی ہے لیکن کراؤڈ کے لیے ہمیں مزید میچ جیتنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوڈ وارنر اچھے کپتان اور ٹیم مین ہیں، ٹیم جیت رہی ہو تو کمبی نیشن اچھا بن جاتا ہے۔ دوسری جانب کراچی کنگز کے انگلش بیٹر جیمز وِنس نے کہا کہ میچ سلوتھی یہی کوشش کی کہ جتنا لمبا کھیل سکتا ہوں کھیلوں، خوشی ہے کہ پرفارمنس ٹیم کے کام آئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز کی جانب سے دیے گئے 176 رنز کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم 9 وکٹوں کے نقصان پر 119 رنز بنا سکی۔

کراچی کنگز کو اب یہاں سے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا' کامران اکمل

جب جیتتے ہیں تو بُری سے بُری ٹیم بھی اچھی لگتی' ہارتے تو اچھی سے اچھی ٹیم بھی بُری لگنا شروع ہوجاتی ہے' اسٹرٹیو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر کامران اکمل نے کراچی کنگز کی پرفارمنس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اب ٹیم کو پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا چاہیے۔ ایک پروگرام میں تجزیہ کرتے ہوئے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل کا کہنا تھا کہ یہ پرفارمنس اچھا اشارہ ہے کراچی کیلئے اب یہاں سے کراچی کنگز کو پیچھے مڑ کر دیکھنا نہیں ہے، پچھلے میچ میں جیسی ٹیم کھلائی گئی اور عامر جمال کو شامل کیا گیا ٹیم کی بولنگ بھی شاندار رہی۔ کامران اکمل نے کہا کہ اچھا اشارہ ہے کراچی کیلئے اب یہاں سے کراچی کو پیچھے مڑ کر دیکھنا نہیں ہے، پچھلے میچ میں جیسی ٹیم کھلائی گئی اور عامر جمال کو شامل کیا گیا ٹیم کی بولنگ بھی شاندار رہی۔ انھوں نے کہا کہ جب جیتتے ہیں تو بُری سے بُری ٹیم بھی اچھی لگنے لگتی ہے اور جب ہارتے ہیں تو اچھی سے اچھی ٹیم بھی بُری لگنا شروع ہوجاتی ہے اور ٹیم میں کافی اختلافات شروع ہوجاتے ہیں۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ کل کا میچ سے پہلے ہی ہم کہہ رہے تھے کہ میر حمزہ آپ کے پاس ہیں اسے کھلائیں، محمد نبی کو کھلائیں اور انھوں نے کیا

مسلسل شکستوں سے عاقب جاوید کی رخصتی کا پروانہ جاری' نئے ہیڈ کوچ کی تلاش کیلئے اشتہار آگیا

عاقب جاوید اب ہیڈ کوچ بننے میں دلچسپی نہیں رکھتے تاہم ہائی پرفارمنس ڈائریکٹر بننا چاہتے ہیں' ذرائع



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے مسلسل شکستوں اور قومی ٹیم کی ناقص پرفارمنس کو دیکھتے ہوئے نئے ہیڈ کوچ کی تلاش کیلئے اشتہار دیدیا۔ بورڈ کی جانب سے اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب عبوری ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں سنبھالنے والے عاقب جاوید کی سربراہی میں گرین شرٹس کو مسلسل شکستیں دیکھنا پڑیں۔ عاقب جاوید کے دور میں پاکستان ہوم گراؤنڈ پر ہونیوالی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے پہلے راؤنڈ سے باہر ہوا جبکہ دورہ نیوزی لینڈ میں انہیں بدترین شکست ہوئی، 7 میچز کے ٹور میں قومی ٹیم محض ایک فتح حاصل کرسکی۔ قبل ازیں سابق ہیڈ کوچ گیری کرسٹن اور جیسن گلیسپی جیسے تجربہ کار کوچز بھی گزشتہ سال محض چند ماہ ذمہ داریاں پوری کرکے جبری طور پر رخصت کردیے گئے تھے۔ ادھر بورڈ کی جانب سے ہیڈ کوچ کیلئے جاری کردہ اشتہار میں لیول 3 کوچنگ سرٹیفکیٹ اور 10 سال کا تجربہ مانگا ہے۔

''یہاں چھٹیاں منانے آتے ہیں'' سہواگ غیر ملکی کھلاڑیوں پر برس پڑے

یہ لوگ یہاں چھٹیاں منانے آتے ہیں، بس تھوڑا فن کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں، گفتگو



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق بیٹر ویریندر سہواگ آئی پی ایل کے رواں سیزن میں بُری طرح ناکام ہونے والے دو نامور غیر ملکی کھلاڑیوں پر برس پڑے۔ کرکٹ ویب سائٹ سے گفتگو کرتے ہوئے سہواگ نے گلین میکسویل اور لیام لیونگسٹن کی بدترکارکردگی پر انہیں سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ یہاں چھٹیاں منانے آتے ہیں، بس تھوڑا فن کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں، ان میں ٹیم کے لیے لڑنے کی کوئی واضح خواہش نظر نہیں آتی۔ گلین میکسویل جو اپنی دھواں دھار بلے بازی اور گیم چینجنگ کے لیے مشہور ہیں، اس بار کے ایڈیشن میں ان کی کارکردگی انتہائی شرمناک رہی ہے۔ آسٹریلوی آل راؤنڈر نے چھ میچوں میں صرف 41 رنز بنائے ہیں۔ دوسرے لیام لیونگسٹن جو کہ جارحانہ بیٹنگ کے ساتھ ساتھ پارٹ ٹائم اسپنر بھی ہیں، کوئی خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکے۔ انہوں نے 7 میچوں میں صرف 87 رنز بنائے ہیں جس پر رائل چیلنجرز بنگلور نے 8 کروڑ 75 لاکھ روپے خرچ کیے ہیں۔

نئی تاریخ رقم، ویرات کوہلی نے ڈیوڈ وارنر کا ریکارڈ توڑ دیا

آئی پی ایل کی تاریخ میں سب سے زیادہ 50 پلس اسکور بنانے والے کھلاڑی کا اعزاز حاصل کرلیا

نئی دہلی (این این آئی) ویرات کوہلی نے ڈیوڈ وارنر کا ریکارڈ توڑ دیا، آئی پی ایل میں نئی تاریخ رقم کر دی۔ رائل چیلنجرز بینگلورو (آر سی بی) کے اسٹار بیٹر ویرات کوہلی نے آئی پی ایل 2025ء کے ایک اہم مقابلے میں پنجاب کنگز کے خلاف شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے ایک نیا اور تاریخی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ میچ میں کوہلی نے ناقابلِ شکست 73 رنز 54 گیندوں پر بنائے اور اپنی ٹیم کو فتح سے ہم کنار کروایا۔ یہ ویرات کوہلی کا آئی پی ایل میں 59 واں نصف سنچری (ففٹی) اسکور تھا اور مجموعی طور پر یہ ان کی 67 ویں ففٹی یا اس سے زیادہ رنز کی اننگز تھی۔ اس کارکردگی کے ساتھ کوہلی نے آسٹریلوی اوپنر ڈیوڈ وارنر کو پیچھے چھوڑتے ہوئے آئی پی ایل کی تاریخ میں سب سے زیادہ 50 پلس اسکور بنانے والے کھلاڑی کا اعزاز حاصل کرلیا، ان کے ریکارڈ میں اب 59 ففٹیز اور 8 سنچریاں شامل ہیں۔ پنجاب کنگز کی جانب سے دیے گئے 158 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ویرات کوہلی اور دیودت پڈیکل نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کیا،

ایرن ہالینڈ کراچی کی نلی بریانی کھانے لالوکھیت پہنچ گئیں

بریانی کی دکان پر اور وہاں نلی بریانی کھا کے نئے ذائقے کا لطف اٹھایا' انسٹا گرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا



کراچی (این این آئی) پاکستانی بالخصوص کراچی کے کھانوں کی دنیا دیوانی ہے پی ایس ایل کی اسپورٹس میزبان آسٹریلوی ایرن ہالینڈ بھی نلی بریانی کھانے لالوکھیت پہنچ گئیں۔ پاکستانی بالخصوص کراچی کے چٹ پٹے کھانوں کی تو دنیا دیوانی ہے۔ پی ایس ایل میں آنے والے غیر ملکی بھی اس کا اعتراف کررہے ہیں اور مزے لے لے کر پاکستانی کھانے کھا رہے ہیں۔ پی ایس ایل 10 کے ایڈیشن میں کمنٹری پینل میں شامل ایرن ہالینڈ بھی کراچی کی مصالحہ دار بریانی کی مداح نکلی اور زبان کے چٹخارے نے انہیں کراچی کے وسط میں واقع لیاقت آباد (لالوکھیت) جانے پر مجبور کردیا۔ ایرن ہالینڈ نے لالوکھیت میں جا پہنچیں بریانی کی دکان پر اور وہاں نلی بریانی کھا کے نئے ذائقے کا لطف اٹھایا۔ آسٹریلوی پریزنٹر نے ان لمحات کی مختصر ویڈیو کو اپنے انسٹا گرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا جس میں انہیں بریانی شاپ کے کاؤنٹر پر کھڑے دیکھا جاسکتا ہے جب کہ ایرن کو دیکھ کر وہاں لوگوں کی بڑی تعداد بھی جمع ہوگئی جو موبائل فونز سے ویڈیوز بناتی دکھائی دی۔ ایرن ہالینڈ نے نلی بریانی کے ذائقے کو انتہائی لذیذ قرار دیتے ہوئے اسے کھانے کا منفرد تجربہ قرار دیا۔ اس سے قبل انہوں نے وسیم اکرم کی اہلیہ شنیرا اکرم کے ہمراہ این آئی سی وی ڈی کا دورہ کیا اور وہاں مریضوں سے ملاق

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے بائی پاس ریلوے لائن فلائی اُوور اور حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کے منصوبے کا دورہ کیا

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس اور محکمہ ہائی ویز کے افسران بھی انکے ساتھ تھے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے بائی پاس ریلوے لائن فلائی اُوور اور حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کے منصوبے کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے فلائی اُوور اور سڑک کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس اور محکمہ ہائی ویز کے افسران بھی انکے ساتھ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے فلائی اُوور کے میگا پراجیکٹ کی سائٹ کا دورہ کیا اور وہاں تعمیراتی کام اور میٹریل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی فلاح و بہبود اور علاقہ کی تعمیر وترقی کے اس میگا پراجیکٹ کو مقررہ مدت اور معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ فلائی اُوور کے اس منصوبے میں میٹریل کے استعمال کو سو فیصد بہتر بنایا جائے۔ غیر معیاری اور ناقص میٹریل کے استعمال کی کسی صورت اجازت نہیں ہو گی۔ انکا کہنا تھا کہ فلائی اُوور کے اس منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے چوبیس گھنٹے کام کیا جائے تاکہ یہ عوامی فلاحی منصوبہ جلد مکمل ہو اور عوام بہتر سفری سہولت سے استفادہ حاصل کر سکے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کا دورہ کرتے ہوئے سڑک کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بھی ڈپٹی کمشنر نے سڑک کی جلد اور معیار کے مطابق تعمیر کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی کو ہر لحاظ سے معیار کے مطابق ہونا چاہیے۔

جہلم ضلع بھر میں جنگل کا قانون انتظامیہ پنجاب حکومت کی پالیسیوں کو ناکام بنانے کے لیے پوری طرح متحرک

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں جنگل کا قانون انتظامیہ پنجاب حکومت کی پالیسیوں کو ناکام بنانے کے لیے پوری طرح متحرک، شہر سمیت ضلع بھر کے شادی ہالز میرج گارڈنز اور مارکیز مالکان نے شادیوں کے سیزن میں زور وشور سے شادی بیاہ کی تقریبات کا انعقاد شروع کر رکھا جہاں حکومت پنجاب کے احکامات ون ڈش اور رات دس بجے کے بعد تقریبات ختم کرنے کے احکامات کی دھجیاں اڑانی شروع کر رکھی ہے جنگل کا قانون نافذ ہونے کی وجہ سے بااثر شادی ہالز مالکان کو کوئی زمہ دار پوچھنے والا نہیں، میرج ہالز اور ماریکیوں میں مبینہ طور پر ون ڈش کی خلاف ورزی آتش بازی اور رات بارہ بجے سے رات ایک بجے تک تقریبات جاری رکھنا فیشن بنتا جارہا ہے شہریوں نے، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر راولپنڈی سمیت قانون نافذ کرنے والے متعلقہ اداروں کے زمہ داران سے ون ڈش اور وقت کی پابندی کروانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ۔ قانون کی حکمرانی قائم ہوسکے۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز کی ایونگ میٹنگ

انسداد پولیو مہم کے تین روز میں ٹیموں نے 5 لاکھ 35 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز کی ایونگ میٹنگ میں انسداد پولیو مہم کے ٹارگٹ اور اعداد وشمار کا جائزہ لیا گیا جس میں بتایا گیا کہ انسداد پولیو مہم کے تین روز میں ٹیموں نے 5 لاکھ 35 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے مہم کی کوریج اور کامیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہیلتھ افسران کو ہدایات جاری کیں کہ وہ کوریج اپ ڈیز میں رہ جانے والے بچوں تک رسائی حاصل کر کے انہیں ضرور پولیو ویکسین پلائیں تاکہ مقررہ اہداف حاصل کئے جاسکیں اور کوریج اپ ڈیز کی کوریج میں زیادہ سے زیادہ کامیابی حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کو پولیو مرض سے پاک رکھنے کیلئے محکمہ صحت سمیت دیگر متعلقہ محکموں نے اہم کردار ادا کیا ہے ہمیں آئندہ بھی اسی قومی جذبہ کے تحت اپنی تمام سرگرمیوں کو بروئے کار لا کر اپنے اہداف کو سو فیصد حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی بہتر اور صحت مند مستقبل کیلئے تجدید گی کا مظاہرہ کریں اور کوریج اپ ڈیز کے دوران صحی بھی وجہ سے رہ جانے والے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو قریبی ہیلتھ سنٹر سے پولیو ویکسین ضرور پلوائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ہیلتھ افسران مہم کے آخری یوم تک سو فیصد نتائج حاصل کرنے کے حوالہ سے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں اور محکمانہ سروسز کو بہتر سے بہترین بنانے کیلئے ضلع کے ہر کونے تک رسائی حاصل کر کے بچوں کو پولیو قطرے ضرور پلائیں جائیں جبکہ اس تناظر میں متعلقہ محکمے مربوط حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے کوآرڈی نیشن کو مزید موثر اور فعال بنائیں۔

ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 نے جامع بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے بریفنگ لیتے ہوئے ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر متعلقہ محکموں کی تمام تر تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ممکنہ سیلابی مقامات/ ایریاز کیلئے ٹیکنیکل ورٹس، ضروری انتظامات مکمل کرنے، ریلیف کیمپس کی انسپکشن اور فلڈ بند چیک کرنیکی تاکید کی۔ انہوں نے کہا کہ فلڈ ریلیف کیمپس میڈیم اور ہائی فلڈ کو مدنظر رکھ کر بنائیں جبکہ مشینری کی ورکنگ حالت سمیت سٹاف کی ڈیوٹیز کا روسٹر مکمل ہونا چاہیے۔ انہوں نے ارین فلڈنگ کی صورت میں میونسپل کمیٹی کو ضروری انتظامات مکمل کرنے کی تاکید کی اور کہا کہ ڈی واٹرنگ سیٹس فعال، ڈرینز اور ڈسپوزل اسٹیشنز کے کنوؤں کی صفائی کرائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فلڈ کنٹرول پلان پر اسکی روح کے مطابق عملدرآمد کرایا جائیاس ضمن میں تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں انجام دیں۔

مسلم لیگ ن کی نامزد امیدوار محترمہ حنا ارشد وڑائچ کے کاغذات جمع

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ضلع سیالکوٹ ضمنی الیکشن حلقہ پی پی 52 سمبڑیال جو کہ ارشد جاوید وڑائچ مرحوم



کی وفات کے بعد سیٹ خالی ہوئی تھی مسلم لیگ ن کی نامزد امیدوار محترمہ حنا ارشد وڑائچ صاحبہ نے سنیئر سیاستدان ومبر صوبائی اسمبلی خواجہ محمد منشاء اللہ بٹ وایم پی اے فیصل اکرام چوہدری ودیگر لیگی کارکنان کے ہمراہ اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروادیئے۔ دوسری جانب سیالکوٹ کے سیاسی پنڈتوں کا کہنا ہے کہ پی پی 52 نشت پر ضمنی انتخابات میں قوی امکان ہے کہ ارشد وڑائچ مرحوم کی صاحبزادی حناء ارشد وڑائچ یہ سیٹ جیتیں گی۔

ہجویری یوگا کلب رائل پیلس کا باقاعدہ افتتاح سینئر استاد میاں اختر حسین جالندھری نے کر دیا

اس موقع پر چوہدری طاہر مجید، قاری نیاز احمد، چوہدری محمد اعظم بسرا، ملک اختر اعوان ودیگر بھی موجود تھے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہجویری یوگا کلب رائل پیلس کا باقاعدہ افتتاح سینئر استاد میاں اختر حسین کر دار ادا کیا جائے جس کا نتیجہ ہے کہ تمام شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ مختلف عمر کے افراد روزانہ ورزش کے



طور پر یوگا ایکسر سائز کو ترجیح دے رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ یوگا انسانی تاریخ کا نہایت قدیم طریقہ ورزش ہے جسے ہر دور میں اہمیت حاصل رہی ہے شیخوپورہ میں بھی یوگا کلب ہاؤسنگ کالونی، یوگا کلب گلبہار باغ اور یوگا کلب زرعی فارم کے بعد اب ہجویری یوگا کلب باقاعدہ شروع ہو چکا ہے جس کے تمام ارکان خود ورزش کو معمول بنانے سمیت دیگر شہریوں کو بھی یوگا کلب کا حصہ بننے پر راغب کریں تاکہ صحت مند معاشرہ کی تشکیل کا وژن جلد از جلد عملی جامہ پہن سکے یوگا کلب آباد ہوں گے تو ہی ہسپتال ویران ہوں گے۔

بھارت بزدلانہ کارروائیوں سے باز رہے ہم دفاع کرنا جانتے ہیں: چوہدری نثار احمد گجر

اگر کوئی غلطی کی تو بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے: شہباز علی قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بھارت بزدلانہ کارروائیوں سے باز رہے ہم دفاع کرنا جانتے ہیں اگر کوئی غلطی کی تو بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے ہم دشمنیوں سے ڈرنے والے نہیں ہیں بھرپور جواب دیں گے پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں انڈیا کو ماضی سے سبق سیکھنا چاہیے ہم نے ہمیشہ دشمن کے دانت کھٹے کیے ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اگر باز نہ آیا تو صفحہ ہستی س مٹادیں گے پاکستان کا دفاع





ہر صورت یقینی بنائیں گے پاکستان کا بچہ بچہ پاک فوج کے شانہ بشانہ لڑے گا ہم وطن عزیز کے دفاع کیلئے ایک بیج پر ہیں اس پر کوئی مجھوتہ نہیں کریں گے ملکی سالمیت کیلئے ہم سب یک مشت ہو کر مقابلہ کریں گے ملک کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔

آج کے دور میں ہمارا معاشرہ بے راہ روی کا شکار ہو چکا ہے: علامہ محمد فیاض

سب سے بڑی وجہ رزق حلال کمانے کے مواقعوں کا فقدان ہے: محفل سے خطاب

عارفوالا (نمائندہ قوت+نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیر اہتمام ضلعی صدر تحریک منہاج القرآن ڈاکٹر رشید احمد رضا اور سرپرست اعلی حاجی محمد افضل



کی صدارت میں ماہانہ درس عرفان القران کا انعقاد شاہین میرج ہال عارف والا میں کیا گیا جس میں علامہ محمد فیاض بشیر قادری نے رزق حلال اور اس کی برکات کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دور میں ہمارا معاشرہ بے راہ روی کا شکار ہو چکا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ رزق حلال کمانے کے مواقعوں کا فقدان ہے کیونکہ ہم کاروبار میں جھوٹ، فریب اور دغابازی کو تجارت کے اصول گردانتے ہیں اگر ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تجارت کو مدنظر رکھیں تو اپ کی تجارت ان سب خباثت سے پاک ہی اپ نے جو تجارت کے اصول بتائے ہیں اگر ہم ان اصولوں کو اپنی تجارت پر استوار کریں تو ہم رزق حلال بہتر اور روشن مستقبل کے لیے انکی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں انکا کہنا تھا کہ ہمارے بچوں میں بھی وہ تمام تر صلاحیتیں موجود ہیں جو کسی بھی ترقی یافتہ ملک وقوم میں ہیں صرف ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے بچوں کی روز مرہ زندگی پر نظر رکھتے ہوئے انمیں معاشرتی برائیوں سے بچاتے ہوئے انکا دھیان صرف اور صرف تعلیم پر مرکوز رکھیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ آج جتنے بھی افراد ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں انکی کامیابی کے پیچھے انکی محنت، جستجو، لگن اور ترقی کرنے کا تارگٹ تھا اور اللہ تعالی کا شکر ہے کہ ہمارے بہت سے طلباء وطالبات کامیاب تعلیمی سفر کے بعد نہ صرف اپنے ملک بلکہ بیرون ممالک بھی اپنی صلاحیتوں اور محنتوں کی وجہ سے اپنا اور اپنے ملک پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صحت دشمن عناصر کے خلاف متحرک ہیں

چنیوٹ کے نواحی علاقہ میں سیوریج کے پانی سے کاشت کی جانے والی سبزیاں ضائع کر دی گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صحت دشمن عناصر کے خلاف متحرک ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضائی سربراہی میں ایک بار پھر چنیوٹ کے نواحی علاقہ میں سیوریج کے پانی سے کاشت کی جانے والی سبزیاں ضائع کر دی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ ساڑھے سات ایکڑ رقبے پر موجود پیاز، بھنڈی، کدو، مرچ، ٹماٹر اور توری کی فصلیں گندے پانی سے کاشت کی گئی تھیں جنہیں ہل چلا کر تلف کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں شہر کے داخلی اور خارجی مقامات پر ناکہ بندی کر کے 50 سے زائد دودھ بردار گاڑیوں کی جدید لیکٹو سکین مشین سے چیکنگ کرتے ہوئے دودھ کی ناقص کوالٹی کی وجہ سے 30000 روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر بھر میں 75 سے زائد فوڈ بزنسز کا معائنہ کیا اور متعدد فوڈ پوائنٹس کو مزید بہتری کے لئے اصلاحاتی نوٹسز جاری جبکہ کریانہ سٹورز کو دوران معائنہ ایکسپائرڈ مصنوعات کی موجودگی کی وجہ سے 33000 روپے کے جرمانے اور 35 کلو سے زائد ایکسپائرڈ اشیاء تلف کر دی گئیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سوڈا واٹر بنانے والے کارخانوں کا معائنہ بھی کیا اور غیر معیاری سوڈا بنانے والے کارخانے کو 10000 روپے جرمانہ عائد اور 20 لیٹر سے زائد غیر معیاری سوڈا تلف کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس اپنے اردگرد نظر رکھیں اور غیر معیاری خوراک کی تیاری سے متعلق 1223 پر اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا حق ادا کریں۔

نوجوان نسل کے لیے تعلیم کا حصول بہت ضروری ہے: طارق نسیم

ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور ترقی یافتہ اقوام سے مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں اپنے بچوں کو جدید خطوط اور نئے نصاب کے تحت علم کے حصول کو یقینی بنانا ہوگا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) دور حاضر کی جدید اور تیز ترترقی یافتہ دنیا سے مقابلہ کرنے کے لیے نوجوان نسل کے لیے تعلیم کا حصول بہت ضروری ہے۔ ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور ترقی یافتہ اقوام سے مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں اپنے بچوں کو جدید خطوط اور نئے نصاب کے تحت علم کے حصول کو یقینی بنانا ہوگا۔ سکول کے سالانہ امتحانی نتائج کے پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات، انکے اساتذہ اور والدین مبارکباد کے حق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سابق صدر آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن طارق نسیم نے نجی تعلیمی ادارہ نسیم اکیڈمی کے سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سابق صدر و پرنسپل طارق نسیم کا کہنا تھا کہ آج کی نوجوان نسل میں قابلیت، ذہانت اور پڑھائی کی لگن موجود ہے اس لیے والدین کو چاہیے کہ اپنے بچوں کو بہتر اور روشن مستقبل کے لیے انکی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں انکا کہنا تھا کہ ہمارے بچوں میں بھی وہ تمام تر صلاحیتیں موجود ہیں جو کسی بھی ترقی یافتہ ملک وقوم میں ہیں صرف ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے بچوں کی روز مرہ زندگی پر نظر رکھتے ہوئے انمیں معاشرتی برائیوں سے بچاتے ہوئے انکا دھیان صرف اور صرف تعلیم پر مرکوز رکھیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ آج جتنے بھی افراد ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں انکی کامیابی کے پیچھے انکی محنت، جستجو، لگن اور ترقی کرنے کا تارگٹ تھا اور اللہ تعالی کا شکر ہے کہ ہمارے بہت سے طلباء وطالبات کامیاب تعلیمی سفر کے بعد نہ صرف اپنے ملک بلکہ بیرون ممالک بھی اپنی صلاحیتوں اور محنتوں کی وجہ سے اپنا اور اپنے ملک پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔

سول ڈیفنس سیالکوٹ اپنے شہریوں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ طاہر مجید کپور

فواج پاکستان سرحدوں پر، ہم شہریوں کے دفاع کیلئے موجود ہیں۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مسلح افواج پاکستان ملک وقوم کا دفاع کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ افواج پاکستان ملکی داخلی خارجی سرحدوں کی حفاظت جبکہ سول ڈیفنس اپنے شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ ان باتوں کا اظہار چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے موجودہ حالات کے تناظر میں سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر دفاع پاکستان اور وزیر خارجہ کی پریس کانفرنس نے بھارت سمیت دنیا جو باور کرا دیا ہے کہ پاکستان زمہ دار ایٹمی قوت اور انشاء اللہ ملک وقوم کا دفاع کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے واضح الفاظ میں کہا کہ بھارت کی جانب سے کسی بھی ممکنہ س ایڈونچر کی صورت میں افواج پاکستان ملک کے چپے چپے کا دفاع کریگی اور اگر بھارت نے ہمارے شہریوں پر حملہ کیا تو بھارت کے شہری بھی محفوظ نہیں رہیں گے بھارت کو پوری طاقت سے جواب دیا جائیگا۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی اراضی ریکارڈ سینٹر دیپال پور میں عوامی سہولیات کی چیکنگ

سینٹر کے مختلف کاؤنٹرز پر عوام کو دستیاب ریونیو سروسز کی چیکنگ کی اور ریونیو کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ کا جائزہ لیا

دیپالپور (زاہد عمران خاں-تجوعہ) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی اراضی ریکارڈ سینٹر دیپال پور میں عوامی سہولیات کی چیکنگ، انہوں نے سینٹر کے مختلف کاؤنٹرز پر عوام کو دستیاب ریونیو سروسز کی چیکنگ کی اور ریونیو کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ کا جائزہ لیا، انہوں نے سائلین سے مسائل دریافت کیے اور ان کے فوری حل کے لیے اراضی ریکارڈ سینٹر کے حکام کو موقع پر احکامات جاری کیے، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ اراضی ریکارڈ سینٹر میں سائلین کو درپیش مسائل کو فوری حل کرنے کے لیے تمام کاؤنٹرز پر ڈیوٹی پر معمول عملہ متحرک انداز میں کام کرے اور عوام الناس کی شکایات کے ازالہ کے سلسلہ میں خصوصی طور پر اقدامات اٹھائے جائیں، مزید براں ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ریونیو کمپلیکس میں سائلین کی سنوائی کی اور ان کی شکایات کے ازالہ کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہدایات بھی جاری کیں جبکہ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپال پور کے ہمراہ گردآوری ریکارڈ کا جائزہ لینے جمرہ شاہ مقیم پہنچ گئے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے جمرہ شاہ مقیم کے مختلف مقامات پر گردآوری رجسٹر پر فصل اور دیگر ریکارڈ کے اندراج کا جائزہ لیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں عوامی ریلیف کے پیش نظر ریونیو افسران اور فیلڈ سٹاف گردآوری رجسٹر میں بروقت اندراج کو یقینی بنائیں اور گردآوری کے ریکارڈ کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی کا ہرگز مظاہرہ نہ کیا جائے

تھیلیسیمیا کا ٹیسٹ لازمی قرار پنجاب اسمبلی نے تھیلیسیمیا ایکٹ 2025 کی منظوری دے دی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں داخلے کے لیے تھیلیسیمیا کا ٹیسٹ لازمی قرار پنجاب اسمبلی نے تھیلیسیمیا ایکٹ 2025 کی منظوری دے دی، جس کے تحت پنجاب کے تمام تعلیمی اداروں میں داخلے کے وقت طلبا کے لیے تھیلیسیما کا ٹیسٹ کرانا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ منظور ہونے والے نئے بل کے مطابق ایک ایڈوائزری کونسل تشکیل دی جائے گی جو ٹیسٹ کی رپورٹس کا جائزہ لے گی۔



ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال حافظ آباد میں ایمرجنسی بچہ وارڈ ادویات کی شدید قلت کا شکار ہے۔ گلوکوز، الیکٹرولائٹس، اینٹی بایوٹکس اور دیگر ضروری دوائیں موجود نہیں، جس کے باعث مریضوں کو بازار سے مہنگی ادویات خریدنی پڑ رہی ہیں۔ خاص طور پر بچوں کے وارڈ کی حالت نہایت ناگفتہ بہ ہے۔ یہاں نہ صرف ادویات کی قلت ہے بلکہ وارڈ کا عملہ، بشمول ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف، انتہائی غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیے ہوئے ہے۔ مریضوں اور ان کے لواحقین کا کہنا ہے کہ بچوں کے وارڈ میں اخلاقیات کا جنازہ نکلا جا رہا ہے، جہاں عملے کا رویہ نہایت بدتمیزی پر مبنی ہوتا ہے اور بیمار بچوں کے ساتھ ہمدردی کا مظاہرہ تک نہیں کیا جاتا۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات، بالخصوص بچوں کے علاج معالجے کو یقینی بنایا جاسکے اور عوام کو مفت طبی سہولتوں کے وعدے کا فائدہ حقیقی معنوں میں پہنچے۔ دوسری جانب ہسپتال ذرائع کہا کہنا ہے کہ ہسپتال میں ہر قسم کے امراض کا علاج کیا جا رہا ہے اور اس حوالے سے کسی قسم کی سستی وغفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ مریضوں اور ادویات نہ ملنے کی شکایات میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کے آفس میں بلاجھجک کی جاسکتی ہیں۔

موٹر سائیکل اور رکشہ کے درمیان تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان کی ٹانگ کٹ کر جسم سے الگ ہوگئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) موٹر سائیکل اور رکشہ کے درمیان تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان کی ٹانگ کٹ کر جسم سے الگ ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق سلیمان خاں اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں فیصل آباد روڈ اوکاڑہ اوور ہیڈ برج پر رکشہ کے ساتھ تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان سلیمان خاں کی ایک ٹانگ کٹ کر جسم سے الگ ہوگئی ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمی نوجوان کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے پولیس نے فرار ہونے والے رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

تھانہ چھب کلاں کی حدود میں گھریلو جھگڑا، شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل

میاں چنوں (ماجد بشیر سے) تھانہ چھب کلاں کی حدود میں گھریلو جھگڑا، شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل، مقتولہ کی نعش کو ٹی ایچ کیو ہسپتال میں منتقل کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، تفصیل کے مطابق میاں چنوں تھانہ چھب کلاں کی حدود میں میاں بیوی میں جھگڑا شوہر نے ہتھوڑے کے وار کر کے بیوی کو قتل کر دیا پولیس چھب کلاں نے مقتولہ کی نعش کو ٹی ایچ کیو ہسپتال میں منتقل کر کے مقتولہ کے بیٹے کی مدعیت مقدمہ درج کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا۔

آوارہ کتوں کا راج، اہل علاقہ خوف وہراس میں مبتلا

میاں چنوں (ماجد بشیر سے) نواحی گاؤں میں آوارہ کتوں کا راج، اہل علاقہ خوف و ہراس میں مبتلا۔ تفصیل کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں 11 اور 12 ایٹ اے آر میں عرصہ دراز سے آوارہ کتوں کا راج ہے، اہل علاقہ خوف و ہراس میں مبتلا ہیں۔ گزشتہ شب 11 ایٹ اے آر کے رہائشی ایک بچے کو آوارہ کتوں نے کاٹ لیا ہے یاد رہے اس سے قبل بھی ایسے ناخوشگوار واقعات ہو چکے ہیں جن میں ایک قیمتی بھینس، 2 عدد بیل، ایک گائے اور کئی بکریاں آوارہ کتوں کے کاٹنے سے ہلاک ہو چکی ہیں۔ اہل علاقہ کا اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں سے نوٹس لے کر آوارہ کتوں کی تلفی کا مطالبہ ہے۔

ڈیڈ ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ڈی او سرگودھا روڈ سب ڈویژن فیکو جھنگ علی عدنان انجم سیال نے کہا کہ ڈیڈ ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے اس سلسلہ میں ریکوری اور ٹاسک فورس ٹیمیں فیلڈ میں دن رات مصروف عمل ہیں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایکسیئن فیکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کی ہدایات کی روشنی میں ڈیڈ ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کے خلاف تیزی سے کاروائیاں جاری ہیں ڈیڈ ڈیفالٹرز کے سہولت کاروں کے کنکشن بھی منقطع کر کے میٹر اتارے جا رہے ہیں تاکہ ڈیڈ ڈیفالٹرز کو کسی صورت بھی بجلی کی فراہمی ممکن نہ ہوسکے ایس ڈی او علی عدنان نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے ڈیڈ ڈیفالٹرز کو بجلی کی پلائی ہرگز نہ دیں اور فیکو کا ساتھ دے کر اچھے صارفین میں شامل ہونے کا ثبوت دیں

کوکا کولا کی گاڑی کے سیل مین سے ڈکیتی، ڈاکو دو لاکھ روپے اور موبائل فون لوٹ لیا گیا

میاں چنوں (ماجد بشیر سے) کوکا کولا کی گاڑی کے سیل مین سے ڈکیتی، ڈاکو دو لاکھ روپے اور موبائل فون لوٹ لیا گیا، پولیس موقع پر پہنچ گئی، تفصیل کے مطابق میاں چنوں کے نواحی علاقے 96 پندرہ ایل کے قریب ڈکیتی کی واردات، نامعلوم موٹر سائیکل سوار ڈاکو کوکا کولا کمپنی کے سیل مین کو لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق دو نامعلوم مسلح افراد 125 موٹر سائیکل پر سوار ہو کر سیل مین سے دو لاکھ روپے نقدی اور ایک موبائل فون چھین کر موقع سے فرار ہو گئے۔ واردات کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جلد ہی ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا، اور علاقے میں گشت بھی بڑھا دیا گیا ہے تاکہ ایسے واقعات کی روک تھام کی جاسکے۔

ملزم احمد ولد شہزاد دوسگے بھائیوں کا فیصلہ سناتے ہوئے دونوں بھائیوں کی ضمانت کی درخواست قبول کر لی

قلعہ رامکور تھانہ صدر حافظ آباد کے رہائشی شہزاد اور اس کے دو نابالغ بیٹوں پر نابالغ عبیداللہ کے قتل کا مقدمہ درج ہوا تھا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل سیشن جج خالد سلیم سوہل نے ایف آئی آر نمبر 308/2025 بجرم 302 ت پ میں درخواست ضمانت قبل از گرفتاری اعتشام ولد شہزاد بعمر 9 سال اور درخواست ضمانت بعد از گرفتاری ملزم احمد ولد شہزاد دو سگے بھائیوں کا فیصلہ سناتے ہوئے دونوں بھائیوں کی ضمانت کی درخواست قبول کر لی۔ قلعہ رامکور تھانہ صدر حافظ آباد کے رہائشی شہزاد اور اس کے دو نابالغ بیٹوں پر نابالغ عبید اللہ کے قتل کا مقدمہ درج ہوا تھا۔ عدالتی ذرائع کے مطابق ملزمان کے وکیل سرفراز ارشد ایاز چیمہ اور معظم حیات بھون نے دلائل دیتے ہوئے عدالت سے درخواست کی کہ جوینائل جسٹس سسٹم ایکٹ 2018 اور تعزیرات پاکستان کو ملا کر پڑھا جائے تو نابالغان جرم کی نوعیت کو سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتے، اسلئے نابالغان کو ٹرائل مکمل ہونے تک جیل میں رکھنا، انکے آئینی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے بالترتیب ایک ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض درخواست ضمانت قبول کرنے حکم صادر فرمایا ہے۔ مقدمہ ھذا میں نابالغان کے والد عطاء اللہ عرف شہزاد کی درخواست ضمانت قبل از گرفتاری پہلے ہی منظور ہو چکی ہے۔

نیکا پورہ پل ایک پرسلنڈر ریفلنگ کے دوران آتشزدگی واقعہ رونما

**اطلاع ملتے ہی سول ڈیفنس وریسکیو ح

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعۃ المبارک 25 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

ہیلپ لائن

نتیجہ 1

الامور کیمیکل سروے دستور مطابق کیا گیا اور مجموعی 8 واقعہ کے بعد بھارت کے جارحانہ اور یکطرفہ اقدامات پر احتجاج کرتے ہوئے ایک ڈی مارش کے حوالے کیا گیا۔ مارشل نے کہا کہ وفد خارجہ دفتر کی جانب سے بھارتی ہائی کمشنر کو طلب کیا گیا اور پاکستان کے خلاف بھارتی اقدامات کی تفصیلات درج میں پاکستان نے جوابی اقدامات کی تفصیلات درج کرائیں۔ ڈراخ کے بعد وہ اپنا کیس لے کر دفتر خارجہ نے بھارتی ناظم الامور کو طلب کیا۔ ایک نوٹ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے بھارتی ہائی کمشنر کو واپس بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے، اہلکار بھارتی ہائی کمشنر کو واپس بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے، اہلکار نیل اشیائی پاکستان پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ پاکستان نے بھارتی ہائی کمشنر کے فیصلے پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور ایئر اتاشی دستاویز کو واپس لینے کا پاکستان چھوڑنے کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا، اس میں بھارتی ناظم الامور کو سفارتی تعلقات کیلئے مناسب نہیں سمجھتا اور اسی لئے بھارتی ہائی کمشنر کو پاکستان چھوڑنے کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا، بھارتی ہائی کمشنر کو بھی سی آگاہ کیا گیا۔ بھارتی ڈراخ نے کہا کہ بھارتی ہائی کمشنر کے عملے کو 30 اپریل تک عہدہ چھوڑنے کے فیصلے سی آگاہ کیا گیا۔ بھارتی ڈراخ کے مطابق سکھ یاتریوں کا جتھہ واہگہ امرتسر بارڈر پر 48 گھنٹوں ہوئے پاکستان چھوڑے، واہگہ چیک پوسٹ بند کرنے کے فیصلے سے بھی آگاہ کیا گیا، پاکستان نے بھارت پر باضابطہ احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ یکطرفہ اور بندکرنے کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا۔ بھارت کو صدمہ جاتی عمل سکھوں کے جذبات کا احترام کرے، بھارت معاہدہ سے انحراف کرنے کے امکانات سے آگاہ کیا گیا، ایک بھارت تجارت کو معطل کرنے کے فیصلے، فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، بھارت کی مشکی قیادت کی ہدایات کی روشنی میں کیے گئے ہیں۔

نتیجہ 2

حکومت وقت نصیب دے کہ پاکستان کی بھی محکمہ جارحیت کے لیے تیار رہنا چاہئے گا۔ عظمیٰ بخاری نے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی عوام خود سوال اٹھا رہے ہیں کہ ہمارے ٹیکسوں کا پیسہ کہاں جا رہا ہے، جہاں سات لاکھ بھارتی فوج تعینات ہے، اس زعم میں کہ حملہ کیے کتنے لوگ مارے؟ انہوں نے کہا کہ بھارتی شرپسند اپنے ہی ملک کے مسلمانوں اور پاکستانی پر حملوں کی پوری کہانی گھڑ رہے ہیں، ''ہم یہ واقعات ہونے سے پہلے ہی دیکھ رہے تھے، ہم نے پہلگام حملے کے بعد بھارت کو خبردار کیا تھا کہ وہ کشیدگی کو ہوا نہ دے، جو اس واقعے کو فالس فلیگ آپریشن کی طرف لے جائے گا۔'' انہوں نے کہا کہ بھارت اندر سے ہی ٹوٹ رہا ہے، بھارت کے اندر سے ہی آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ ہمارے ٹیکسوں کا پیسہ کہاں جا

سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات بلا تعطل جاری ہیں، وزیر صحت پنجاب

میو ہسپتال میں معاملات درست کر کے مجھے عملدرآمد رپورٹ چاہئے، مریضوں کی جانب سے بتائے گئے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے

سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات بلا تعطل جاری ہیں، سرکاری ہسپتالوں میں کیوبیکنیٹ سسٹم کو مکمل فعال کیا جارہا ہے، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ہسپتال کا جائزہ لینے اچانک میو ہسپتال کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور مریضوں کی عیادت کی۔ انہوں نے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی استعمال سامان کی فوری خریداری کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر صحت نے محکمی ایڈ ڈیلیو کنٹرول کا کام مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایم ایس میو ہسپتال کو ادویات کی فراہمی یقینی بنانے اور ناقابل استعمال ایس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ میو ہسپتال میں معاملات درست کر کے مجھے عملدرآمد رپورٹ چاہیے۔ مریضوں کی جانب سے بتائے گئے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ ایم ایس میو ہسپتال ڈاکٹر نعمان رفیق نے کہا کہ ہسپتال میں مریضوں کو ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے اور ناقابل



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق میو ہسپتال کے دورہ کے دوران ایم ایس کو ہدایات جاری کر رہے ہیں

دبئی میں صحت عامہ کے قانون کی منظوری دے دی گئی

کسی بھی متعدی بیماری سے متاثرہ شخص کیساتھ بات چیت سے منع کر دیا گیا ہے

دبئی (این این آئی) دبئی کے حکمران شیخ محمد بن راشد آل مکتوم نے دبئی میں صحت عامہ کیخلاف ورزی کے ایسے مریض کو دبئی ہیلتھ اتھارٹی کی منظوری کے بغیر ہسپتال یا صحت کی دیکھ بھال کے مرکز سے علاوہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ عرب نیوز کے مطابق دبئی کے حکمران شیخ محمد بن راشد آل مکتوم کی جانب سے جاری حکم نامے میں بتایا گیا ہے کہ قانون کے تحت کسی بھی متعدی بیماری سے متاثرہ شخص کو ہسپتال یا متاثرہ علاقے سے قانون کے تحت کسی بھی متعدی بیماری کے متاثرہ شخص کیساتھ بات چیت سے منع کر دیا گیا ہے۔ قانون کے تحت دوسروں تک بیماری کی منتقلی کے خطرے کے پیش نظر شخص متعدی بیماری کے ایسے مریض کو دبئی ہیلتھ اتھارٹی کی منظوری کے بغیر ہسپتال یا صحت کی دیکھ بھال کے مرکز سے علاوہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ حکم نامے کے مطابق دبئی کے حکمران شیخ محمد بن راشد آل مکتوم کی جانب سے جاری حکم نامے میں بتایا گیا ہے کہ